آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 34 | بروز جمعرات 27 اکتوبر 2022ء بمطابق 30 ربیع الاول 1444ھ | شمارہ نمبر 252

پاکستان سمیت دنیا بھر میں 27 اکتوبر کو یوم سیاہ کے طور پر منایا جاتا ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان

27 اکتوبر 1947ء کو بھارت نے سرینگر پر غاصبانہ قبضے کے لئے اپنی افواج جموں وکشمیر میں اتاریں جس کے خلاف کشمیریوں کی تحریک حق خودارادیت گزشتہ 75 سالوں سے جاری ہے

عالمی برادری کو بھی مقبوضہ کشمیر میں بھارت کی جانب سے سنگین انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لینا چاہئے اور اقوام متحدہ کی قراردادکے مطابق کشمیریوں کو ان کا حق خودارادیت دینا چاہیے

بھارت نے آرٹیکل 370 اے کو ختم کرتے ہوئے مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت کا خاتمہ کیا اور وہاں غیر کشمیریوں کو آباد کیا گیا، میر عبدالقدوس بزنجو

کوئٹہ (ٹی خان) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ پاکستان سمیت دنیا بھر میں 27 اکتوبر کو یوم سیاہ کے طور پر منایا جاتا ہے، 27 اکتوبر 1947ء کو بھارت نے سرینگر پر غاصبانہ قبضے کے لئے اپنی افواج جموں وکشمیر میں اتاریں جس کے خلاف کشمیریوں کی تحریک حق خودارادیت گزشتہ 75 سالوں سے جاری ہے، 27 اکتوبر یوم سیاہ کی مناسبت سے اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ بھارت کی جانب سے لاکھوں کشمیریوں کیا انسانی حقوق کو غصب کیا گیا ہے جس سے ایک بڑے انسانی المیہ نے جنم لیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ عالمی برادری کو بھی مقبوضہ کشمیر میں بھارت کی جانب سے

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	07:30
اہل تشیع فجر صبح	05:15
اہل تشیع ظہرین	01:00
اہل تشیع مغربین	7:00

جدہ: گورنر جدہ شہزادہ سعود بن عبداللہ وزیراعظم شہباز شریف کو جدہ پہنچنے پر استقبال کے بعد ایئرپورٹ کے باہر آرہے ہیں

عمران نیازی خطرناک کھیل کھیل رہا ہے، وزیراعظم

کشمیر تنازعہ کا واحد حل کشمیریوں کی خواہشات اور سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق آزادانہ اور غیر جانبدارانہ استصواب رائے ہے، وزیراعظم

5 اگست 2019 کے غیر قانونی اور یکطرفہ اقدام سے صورتحال مزید بگڑ گئی ہے، تمام تر مشکلات کے باوجود بہادر کشمیری بے مثال قربانیوں کے ذریعے بھارتی جارحیت کا مقابلہ کررہے ہیں، شہباز شریف کا پیغام

عمران خان کو صبر سے کام لینا چاہئے اور بے بنیاد الزامات عائد کرنے کی بجائے جوڈیشل کمیشن کی تحقیقات کے نتائج کا انتظار کرنا چاہیے، عمران نیازی ارشد شریف کے اندوہناک قتل کو اپنی گھٹیا سیاست کیلئے استعمال کررہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ عمران نیازی خطرناک کھیل کھیل رہا ہے، بے بنیاد الزام تراشی کی بجائے جوڈیشل کمیشن کی تحقیقات کے نتائج کا انتظار کیا جائے۔ بدھ کو اپنے ٹوئٹ میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ عمران نیازی ارشد شریف کے اندوہناک قتل کو اپنی گھٹیا سیاست کیلئے استعمال کررہا ہے اور ریاستی اداروں پر شکوک وشبہات کا اظہار کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کو صبر سے کام لینا چاہئے اور بے بنیاد الزامات عائد کرنے کی بجائے جوڈیشل کمیشن کی تحقیقات کے نتائج کا انتظار کرنا چاہیے۔ دریں اثناء وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر کے تنازعہ کا واحد حل کشمیریوں کی خواہشات اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق آزادانہ اور غیر جانبدارانہ استصواب رائے ہے، 5 اگست 2019 کے

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

ہمارے ملک میں ڈاکے مارنے والوں کو NRO مل جاتا ہے، عمران خان

ہم ان چوروں کو مقابلہ کریں گے اور انہیں شکست دیں گے، جب تک زندہ ہوں انکے چوروں کا مقابلہ کرتا رہوں گا، کنونشن سے خطاب

سیالکوٹ (ٹی این ایم) چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کا کہنا ہے کہ ہمارے ملک میں ڈاکے مارنے والوں کو این آر او مل جاتا ہے، سب سے بڑا ڈاکو وزیراعظم بن گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سابق وزیراعظم عمران خان نے سیالکوٹ میں طلبہ کنونشن سے خطاب میں کہا کہ دنیا

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

پانی کی تقسیم کے سندھ طاس معاہدے کا احترام کیا جائے، منیر اکرم

سرحد کی دوسری جانب تبدیلیوں کا براہ راست اثر پاکستان پر پڑتا ہے، پاکستانی مندوب

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سفیر منیر اکرم نے بھارت اور پاکستان کے درمیان 1960 کے سندھ طاس معاہدے کا احترام اور اس پر عمل درآمد کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق منیر اکرم نے اقوام متحدہ کی آبی

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

بھارت کے غیر قانونی قبضے کو سات دہائیاں گزر چکیں، کشمیریوں کے عزم کو توڑ نہ سکا، قمر زمان کائرہ

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور چوتھے جینوا کنونشن کی کھلی خلاف ورزی ہے، مشیر وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے امور کشمیر وگلگت بلتستان قمر زمان کائرہ نے کہا ہے کہ بھارت کے غیر قانونی قبضے کو سات دہائیاں گزر چکی ہیں، بھارت کشمیریوں کے عزم کو توڑ نہ سکا، مقبوضہ کشمیر پر بھارتی قبضہ غیر قانونی ہے، اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور چوتھے

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

وفاقی دارالحکومت یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر یکجہتی بینرز لگائے گئے ہیں

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

بلوچستان کے تین اضلاع سے ڈینگی کے مزید 33 کیسز رپورٹ ہونے کی تصدیق

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں ڈینگی کے وار جاری، تین اضلاع سے ڈینگی کے مزید 33 کیسز رپورٹ ہونے کی

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ایک روزہ وقفے کے بعد (آج) ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ایک روزہ وقفے کے بعد (آج) بمعرات سہ پہر 3 بجے ہوگا۔ اجلاس میں

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں اینٹی کرپشن کی کارروائی، پولیس اہلکار سمیت ایک ایجنٹ گرفتار

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں اینٹی کرپشن کے محکمے نے رشوت لیتے ہوئے بریوری تھانے کے ہیڈ کانسٹیبل اور ایک ایجنٹ

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی کی بلوچستان کمیٹی کا اجلاس، اخبارات کو درپیش مسائل کا جائزہ لیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی کی بلوچستان کمیٹی کا اجلاس چیئرمین وسیم احمد کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں بلوچستان سے شائع ہونے والے اخبارات کو درپیش مسائل کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں شریک ممبران نے مہنگائی کی وجہ سے نیوز پرنٹ اور پرنٹنگ میٹریل کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے حوالے سے تشویش

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی، کیسکو

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیے کے مطابق برقی تنصیبات اور لائنوں پر ضروری

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

ارشد شریف کے قتل کی تحقیقات کیلئے قائم کمیٹی کی تشکیل نو

اسلام آباد (این این آئی) وزارت داخلہ نے سینئر صحافی ارشد شریف کے قتل کی تحقیقات کے لیے بنائی گئی ٹیم کی تشکیل نو کر

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

عمران خان نے قومی اسمبلی کی رکنیت منسوخی کا آرڈر چیلنج کردیا

اسلام آباد (این این آئی) عمران خان نے نااہلی کیخلاف اپنی درخواست پر اسلام آباد ہائیکورٹ کے اعتراضات دور کر

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

ٹیپرا نے ستمبر کیلئے بجلی کی قیمت میں نو پیسے فی یونٹ اضافے کی منظوری دیدی

اسلام آباد (این این آئی) اسکوڑ کے ستمبر کے ماہانہ فیول چارجز ایڈجسٹمنٹ کے حوالے سے ٹیپرا میں عوامی سماعت مکمل ہونے

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

اسحق ڈار سے فارماسیوٹیکل کمپنیوں کے سربراہان کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ اسحاق ڈار سے فارماسیوٹیکل کمپنیوں کے سربراہان نے ملاقات کی جس میں پی ایما

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

صدر مملکت پاکستان ڈاکٹر عارف علوی آئی سی ایم اے کنونشن کے تقریب سے خطاب کررہے ہیں

راجہ پرویز اشرف سے آئرلینڈ کیلئے نامزد سفیر عائشہ فاروقی کی ملاقات

بیرون ملک ملکی مفادات کا تحفظ، پاکستانی سفراء کی اولین ذمہ داری ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

پاکستانی ہیلتھ پروفیشنلز کی بڑی تعداد آئرلینڈ میں خدمات انجام دے رہی ہے، راجہ پرویز اشرف

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف سے آئرلینڈ کیلئے پاکستان کی نامزد سفیر عائشہ فاروقی نے بدھ کے روز پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی۔ آئرلینڈ کیلئے پاکستان کی نامزد سفیر عائشہ فاروقی کو بطور سفیر تعیناتی پر مبارکباد دیتے ہوئے اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے بیرون ملک تعینات پاکستانی سفراء کی خدمات کو سراہتے ہوئے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ عائشہ فاروقی ایک باصلاحیت اور تجربہ کار سفارت کار ہیں اور وہ آئرلینڈ میں بطور سفیر اپنی تعیناتی کے دوران پاکستان

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کی پارٹیاں منتخب نمائندے شہریوں سے صرف ووٹ مانگتے ہیں، مولانا عبدالحق ہاشمی

شہری بھی ووٹ دیکر وقت ضائع کرکے پھر 5 سال بددعاؤں پر گزارہ کرتے ہیں، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ کوئٹہ کے لاکھوں شہریوں کا کوئی ولی وارث نہیں کوئٹہ سے منتخب ہونے والوں اور وزراء نے کوئٹہ کے شہریوں کے مسائل کے حل کے حوالے سے کوئی کردار ادا نہیں کیا۔ پانی کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

مقبوضہ جموں وکشمیر بھارت کے غیر قانونی قبضے کو 75 سال مکمل ہوچکے ہیں، صدر مملکت

عالمی برادری مقبوضہ خطے میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں پر بھارت کو جوابدہ ٹھہرانے کیلئے عملی اقدامات کرے

بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارت کے 5 اگست 2019 کے غیر قانونی اور یکطرفہ اقدامات کو فوری طور پر واپس لینے پر زور

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارت کے 5 اگست 2019 کے غیر قانونی اور یکطرفہ اقدامات کو فوری طور پر واپس لینے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان، عالمی برادری سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ مقبوضہ خطے میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کے لیے بھارت کو جوابدہ ٹھہرانے کے لیے عملی اقدامات کے ساتھ

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

پاکستان کی مسلح حکومت فوراً کشمیری عوام کی حمایت جاری رکھیں گے، چیئرمین سینیٹ

کشمیری عوام ثابت قدم ہیں، عزم، حوصلے اور قربانیوں سے عزم و ہمت کی شاندار تاریخ رقم کی

کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور پاکستان کی تمام سیاسی جماعتیں مسئلہ کشمیر کے حل کیلئے یک زبان اور ایک صفحہ پر ہیں، محمد صادق سنجرانی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ آج سے 75 برس قبل، 27 اکتوبر 1947ء کو ہندوستان نے مقبوضہ جموں وکشمیر میں غیر قانونی مداخلت کے ذریعے ناجائز تسلط قائم کیا۔ 75 برس قبل بھارت کی جانب سے شروع ہونے والی ظلم وبربریت، زیادتی اور انسانی حقوق کی بدترین پامالی سے نا صرف بھارت کا مکروہ چہرہ دنیا بھر میں عیاں ہوا ہے بلکہ اس کے غیر قانونی اور غیر انسانی اقدامات پر آوازیں بھی اٹھ رہی ہیں۔ محمد صادق سنجرانی نے کہا کہ بھارت کی جانب سے کشمیریوں کے خلاف ریاستی دہشت گردی کا استعمال نامشمول ماورائے عدالت قتل، جعلی مقابلے، محاصرے اور تلاشی کی کارروائیاں، دوران حراست تشدد، جبری گمشدگیاں، کشمیری قیادت کو نظر بند کرنا، مبلغ گنوں کا بے دریغ استعمال اور مکانات کی تباہی بھی کشمیریوں کے عزم کو متزلزل نہیں کرسکی۔ کشمیری عوام ثابت قدم ہیں اور انہوں نے عزم، حوصلے اور قربانیوں سے عزم وہمت کی شاندار تاریخ رقم

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

عمران خان کا لانگ مارچ پنجاب اور کے پی کے حکومت کی میعاد کیوں پر ہوگا، لیاقت بلوچ

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی، صدر مجلس قانون ساز سیاسی قومی امور لیاقت بلوچ نے عمران خان کے لانگ مارچ کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ پرامن احتجاج، لانگ مارچ، دھرنا پر سیاسی، جمہوری اور سماجی پارٹی کا آئینی جمہوری حق ہے، اتحادی حکومت کی نا

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

ارشد شریف کی شہادت پر انتہائی دکھ ہے، نواب ثناء اللہ خان زہری

پاکستان انتشاری سیاست کا متحمل نہیں ہوسکتا ہے، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان

خضدار (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سابق وزیراعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے کہا ہے کہ معروف ٹی وی اینکر پرسن ارشد شریف کی شہادت پر انتہائی دکھ ہے، اللہ پاک مرحوم کی کامل مغفرت فرمائیں اس واقعے کی آڑ میں پاک فوج اور ریاستی اداروں کے خلاف نعرے بازی کرنا سوشل میڈیا پر مہم چلانا قابل مذمت اور ناقابل معافی جرم ہے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ پاکستان سے باہر ہوا ہے وزیراعظم پاکستان نے اس کی تحقیقات کے لئے باقاعدہ جوڈیشل کمیشن قائم کرنے کا اعلان

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

ارشد شریف کے قتل کے واقعے پر اعلیٰ سطح 3 رکنی تحقیقاتی ٹیم تشکیل دے دی

تحقیقاتی ٹیم فوری طور پر کینیا روانہ ہوگی اور ارشد شریف قتل کیس کی تحقیقات کرے گی، حتمی رپورٹ وزارت داخلہ کو پیش کریگی، وزیر داخلہ

تحقیقاتی ٹیم ارشد شریف کیس میں پاکستان کے ایک نجی چینل سے منسلک شخصیت کے کینیا میں ہونے کی سمگلنگ کے کاروبار سے متعلق قائم کمیٹی کے کردار کا جائزہ لے گی

اسلام آباد (ٹی این ایم) وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ کا کہنا ہے کہ ارشد شریف کے قتل کے واقعے پر اعلیٰ سطح 3 رکنی تحقیقاتی ٹیم تشکیل دے دی۔ تحقیقاتی ٹیم ایف آئی اے، انٹیلی جینس کے اعلیٰ افسران پر مشتمل ہے۔ تحقیقاتی ٹیم فوری طور پر کینیا روانہ ہوگی۔ تحقیقاتی ٹیم ارشد شریف کے قتل کیس سے متعلق حتمی رپورٹ پیش کرے گی۔ ٹیم ارشد شریف کی دبئی اور پھر کینیا روانگی کی وجوہات اور محرکات کا جائزہ لے گی۔ وزیر داخلہ نے مزید کہا کہ سیاسی شخصیات کے اعتراف کے بعد تحقیقاتی ٹیم ان عوامل کا جائزہ بھی لے گی۔ تحقیقاتی ٹیم کینیا پولیس و دیگر ذرائع سے شواہد پر آزادانہ رپورٹ مرتب کرے گی۔ واضح رہے کہ سینئر صحافی اور اینکر پرسن ارشد شریف کینیا کے دارالحکومت نیروبی میں پولیس فائرنگ سے شہید ہوگئے تھے۔ شہید صحافی ارشد شریف کا جسد خاکی لے کر نجی ایئرلائن کا طیارہ اسلام آباد میں لینڈ کرگیا۔

ارشد شریف کا جسد بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

غلام سرور ایس آر ناصر کی وزیراعلیٰ پنجاب سے ملاقات

ملکی سیاسی صورتحال، ملک گیر سطح بالخصوص بلوچستان میں پارٹی امور پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ق) بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری غلام سرور ایس آر ناصر نے سینیٹر کامل علی آغا کے ہمراہ وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی سے ملاقات کی، ملکی سیاسی صورتحال، ملک گیر سطح بالخصوص بلوچستان میں پارٹی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بدھ کو پاکستان مسلم لیگ (ق) بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری غلام سرور ایس آر ناصر نے سینیٹر کامل علی آغا

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

بلاول بھٹو عوام کی آخری امید ہے، بلاول بھٹو وزیراعظم ہونگے، ماہ جبین جمالی

پیپلز پارٹی بلدیاتی الیکشن کے بعد عام الیکشن میں بھی کامیاب بھرپور کامیابی حاصل کریگی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی خواتین ونگ کی نائب صدر ماہ جبین جمالی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی ملکی ترقی اور عوامی خوشحالی کی ضمانت ہے، بلاول بھٹو عوام کی آخری امید ہے پیپلز پارٹی بلدیاتی الیکشن کے بعد عام الیکشن میں بھی کامیاب بھرپور کامیابی حاصل کریگی اور بلاول بھٹو وزیراعظم ہونگے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سیکرٹریٹ میں ملاقات

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

لاہور: پی ٹی آئی کے چیئرمین عمران خان اور چوہدری پرویز الٰہی ملاقات کررہے ہیں

سیاست کا فائنل راؤنڈ شروع ہوگیا ہے نومبر میں آر پار ہوجائے گا، شیخ رشید

28 اکتوبر کو لاہور سے عالم چوروں کیخلاف عمران خان کی قیادت میں نکلیں گے، سربراہ عوامی مسلم لیگ

راولپنڈی (ٹی این ایم) سربراہ عوامی مسلم لیگ شیخ رشید کا کہنا ہے کہ سیاست کا فائنل راؤنڈ شروع ہوگیا ہے، نومبر میں آر پار ہوجائے گا۔ جس طرح وزیر قانون سیاستعفیٰ لیا گیا، اسی طرح حکومت سے الیکشن کی تاریخ لی جائے گی۔ سابق وزیر داخلہ نے سماجی رابطے کی ویب سائیٹ ٹویٹر پر کہا

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

#BlackDay27Oct

27 اکتوبر

کشمیر تاریخ کا سیاہ ترین دن

75 سال پہلے آج ہی کے دن

بھارتی فوج نے حریت پسند کشمیریوں کی صدا کو دبانے کے لئے جنت نظیر وادی کشمیر پر خونی تسلط کے پنجے گاڑھے تھے

پاکستان ہمیشہ اپنے کشمیری بہن بھائیوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا رہے گا

ہم کشمیر پر بھارت کے غاصبانہ تسلط کے خلاف اپنی آواز بلند کرتے رہیں گے۔

PID(I)2667-D/22

/GovtofPakistan www.moib.gov.pk

حکومت پاکستان

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نجی نظریہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

27 اکتوبر 2022ء

ایشیائی ترقیاتی بینک نے ڈیڑھ ارب ڈالر پاکستان کو منتقل کردیئے

ایشیائی ترقیاتی بینک نے ڈیڑھ ارب ڈالر پاکستان کو منتقل کردیئے۔ میڈیا رپورٹس میں ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے رپورٹ کیا گیا کہ اسٹیٹ بینک نے ایشیائی ترقیاتی بینک کی جانب سے رقم پاکستان کو منتقل کیے جانے کی تصدیق کی ہے۔ رقم منتقلی کے بعد پاکستان کے غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر 9 ارب ڈالر سے زیادہ ہوگئے۔ واضح رہے کہ گزشتہ دنوں ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان کیلئے ڈیڑھ ارب ڈالر قرض کی منظوری دی تھی جبکہ ایشیائی ترقیاتی بینک کے مطابق یہ رقم سماجی تحفظ اور فوڈ سیکیورٹی پر خرچ کی جائے گی۔ اے ڈی بی کے ڈیڑھ ارب ڈالر قرض معاہدے کی دستخط تقریب میں شرکت بھی کی تھی۔ ڈیڑھ ارب ڈالر قرض معاہدے پر دستخط کیے گئے۔ بینک کا ڈیڑھ ارب ڈالر قرض معاشی مشکلات کو کم کرنے میں مدد دے گا۔ ڈیڑھ ارب ڈالر کی بجٹ سپورٹ منظوری پر شکریہ ادا کرتے ہیں۔ اقتصادی بحالی میں اے ڈی بی سمیت ترقیاتی شراکت داروں کے کردار کی تعریف کی۔ اے ڈی بی کے صدر اور ان کی پوری ٹیم کی حالیہ کوششوں کو سراہا۔ سیلاب کی تباہ کاریوں سے نمٹنے کیلئے پاکستان کی مدد قابل تعریف ہے، بینک کا ڈیڑھ ارب ڈالر قرض معاشی مشکلات کو کم کرنے میں مدد دے گا۔

امریکی صدر کا تازہ بیان (آخری قسط)

راجہ بابر شہزاد

لڑائی کے نتیجے میں سوویت یونین بکھر کر کئی ریاستوں میں تبدیل ہوگیا۔ روس کی شکست کے ساتھ ہی بڑے بڑے دعوے کرنے والے امریکہ بہادر نے اپنی سابقہ روایت کو برقرار رکھتے ہوئے اپنے اتحادی (پاکستان) کو غیر یقینی صورت حال میں تنہا چھوڑ کر رات کے اندھیرے میں سات سمندر پار کے لئے رخت سفر باندھ لیا۔ جب کہ وطن عزیز آج تک امریکہ کا ساتھ دینے کی بھاری قیمت ادا کر رہا ہے۔

سوویت یونین اور افغانستان کے درمیان لڑی جانے والی طویل لڑائی کے دورانیے میں امریکہ اور اس کے اتحادی پاکستان کے فوجی حکمران جنرل محمد ضیاء الحق اور خفیہ ایجنسی کی ایمانداری کے قصیدے پڑھتے نہیں تھکتے تھے جیسے ہی مقصد میں کامیابی حاصل ہوئی ریاست پاکستان اور اس کے حساس اداروں پر بیہودہ الزامات لگانے کا سلسلہ شروع کردیا جو اگلا معرکہ 11/9 رونما ہونے تک تواتر سے جاری رہا۔ مگر جیسے ہی ساتھ 11 ستمبر 2001ء رونما ہوا۔ اس بے لگام گھوڑے کو اپنے پرانے اور مشکل وقت کے ساتھی پاکستان کی ضرورت محسوس ہوئی تو اس وقت کے صدر جارج (ڈبلیو بش جونیئر) نے پاکستان کے فوجی حکمران جنرل پرویز مشرف کے ذریعے ملت اسلامیہ پاکستان کو ایک طویل جنگ میں دھکیل دیا۔ غیر جانبدار تجزیہ کاروں کی رائے کے مطابق امریکہ بہادر نے ایک بار پھر اپنی پرانی روش پر عمل کرتے ہوئے دہشت گردی کے نام پر مسلط کردہ اس جنگ کو بھی منطقی انجام تک پہنچانے کی بجائے رات کے اندھیرے میں میدان جنگ سے بھاگنے کی روایت کو برقرار رکھا۔ جب کہ اس کے نان الائیز اتحادی (پاکستان) نے 10 سالوں پر محیط اس جنگ میں نہ صرف اربوں ڈالرز کا مالی نقصان برداشت کیا، ہزاروں قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے کے علاوہ شمال سے جنوب تک 35 فیصد حصے کو کسی نہ کسی شکل میں سلامتی کے بحران جیسے مسائل سے دوچار ہونا پڑا۔ بدقسمتی سے آنکھیں بند کرکے ملک وقوم کے مفادات کو نظرانداز کرتے ہوئے ان گنت قربانیاں دینے کے بعد بھی نام نہاد سپر پاور امریکہ اور اس کے حواریوں کی جانب سے نہ صرف سنگین اور بے بنیاد الزامات لگانے کا سلسلہ جاری رہا بلکہ پاکستان کے ازلی دشمن بھارت سے پیار کی پینگیں بڑھا کر دفاعی معاہدوں کے ذریعے مضبوط سے مضبوط تر بنانے کے گھناؤنے منصوبے پر عمل درآمد کیا جاتا رہا۔

لہٰذا پاکستان میں مسند اقتدار پر موجود سیاسی لیڈر اور سلامتی کے ذمہ دار اداروں کو ملک وقوم کی ترقی، خوشحالی اور سلامتی کے پیش نظر غیروں کے مفادات کو ضمانت فراہم کرنے والی ناکام خارجہ پالیسی کو یکسر تبدیل کرنا ہوگا۔ دنیا کے کسی بھی ملک سے تعلق استوار کرنے سے پہلے پاکستان کے مفادات کو مقدم رکھنا ہوگا۔ ملک وقوم کے مستقبل کو تاریک راہوں میں دھکیلنے کی بجائے اقبال کی خودی کو زندگی کا طرۂ امتیاز بنانا ہوگا۔ ملک وقوم کو بھکاریوں کی صف سے نکال کر مہذب اقوام کی فہرست میں درج کرانے کا صرف یہی راستہ معاون ومددگار ثابت ہوسکتا ہے۔

27 اکتوبر یوم سیاہ کشمیر

سید مجتبیٰ رضوان

پاکستان کے عوام، حکومت پاکستان اور دنیا بھر میں بسنے والے کشمیری ہر سال 27 اکتوبر کا دن یوم سیاہ کے طور پر مناتے ہیں۔ 27 اکتوبر 1947 کو بھارت نے اپنی فوجیں کشمیر میں اتار کر غیر قانونی قبضہ کرلیا جو تا حال قائم ہے۔ اُس دن کے بعد سے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا ایسا دور شروع ہوا کہ کشمیریوں کو ان کے بنیادی انسانی حقوق سے ہی یکسر محروم کردیا گیا۔ بھارتی افواج کے ظالمانہ ہتھکنڈوں اور ظلم وجبر کے باوجود کشمیری اپنے حق خودارادیت کے مطالبہ سے ایک انچ پیچھے نہیں ہٹے، بھارت نوشتہ دیوار پڑھ لے اور تنازعہ کشمیر کے پرامن حل کیلئے اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل کرے 74 سال پہلے اس دن بھارت نے مقبوضہ جموں وکشمیر کے بے گناہ عوام کو دبانے، خوفزدہ کرنے، انہیں محکوم بنانے اور مقبوضہ کشمیر پر قبضہ کیلئے اپنی افواج سرینگر میں اتاری تھیں۔

بھارت کا ظلم وجبر آج بھی جاری ہے، عالمی برادری سے وعدوں اور جموں وکشمیر سے متعلق اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی کئی قراردادوں کے باوجود بھارتی حکومت مقبوضہ کشمیر میں دہشت کی فضا قائم کررکھی ہے اور بھارت اپنے وعدے پورے کرنے سے انکاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ 8 جولائی کو نوجوان کشمیری رہنما برہان وانی کی ماورائے عدالت شہادت کے بعد بھارتی قابض افواج نے ظالمانہ ہتھکنڈے تیز کردیئے ہیں۔ انہوں نے تمام انسانی اقدار کو پس پشت ڈال دیا ہے اور نہتے اور بے یار ومددگار کشمیریوں کے خلاف ریاستی دہشت گردی کی انتہا کردی ہے۔ جموں وکشمیر کے عوام گزشتہ 70 سالوں سے بھارتی قبضے کے خلاف مزاحمت کررہے ہیں، آزادی کی جدوجہد میں شامل ہیں، انہیں بدترین قسم کی بھارتی ریاستی دہشت گردی کا سامنا ہے۔ انہوں نے بڑی جرات کے ساتھ بھارتی تحکمی اور مظالم کا مقابلہ کیا ہے اور نئی دہلی انہیں ڈرانے دھمکانے میں ناکام رہی ہے۔ 27 اکتوبر 1947 کو جموں وکشمیر میں بھارتی فوج کے اترنے سے عوام کے دکھوں کا آغاز ہوا۔ اس لیے دنیا بھر میں جہاں بھی کشمیری رہتے ہیں اس دن کو یوم سیاہ کے طور پر منایا جاتا ہے۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ ہندوستان نے 1947 میں آزادی کے قانون اور تقسیم کے منصوبے کو نظر انداز کرتے ہوئے کہا کہ انڈین برٹش کالونی دو خودمختار ریاستوں میں تقسیم ہوجائے گی، اس نے اپنی فوجیں جموں وکشمیر میں بھیجیں۔ بھارت نے حیدرآباد، جونا گڑھ اور جموں وکشمیر کی ریاستوں پر زبردستی قبضہ کیا، پہلی دو ہندو اکثریتی ریاستیں ہیں جن میں مسلم حکمران ہیں جبکہ وادی میں اکثریت مسلم آبادی کی تھی لیکن اسے ہندو حکمران چلا رہے تھے۔ ہندوستانی حکومت اور مہاراجہ ہری سنگھ نے الحاق کا آلہ رکھنے کا دعویٰ کیا تھا لیکن بہت سے عالمی مورخین ایسی کسی بھی دستاویز کے وجود کو اس دلیل کے ساتھ مسترد کرتے ہیں کہ اگر یہ موجود ہوتی تو ہندوستانی حکومت اسے سرکاری طور پر یا کسی بین الاقوامی فورم پر عام کرتی۔۔ ایسا کبھی نہیں ہوا۔

بدقسمتی سے، برطانوی بیرسٹر سیرل ریڈکلف کی سربراہی میں باؤنڈری کمیشن نے بھی وادی کشمیر پر قبضہ کرنے میں بھارت کی مدد کی۔ اس نے ایک مسلم اکثریتی علاقہ گورداس پور کو تقسیم کیا اور اسے بھارت کے حوالے کردیا، اس طرح ایک حد بندی کی گئی جس سے جموں وکشمیر کا زمینی راستہ بن گیا۔ بھارتی افواج کی آمد کے بعد، مسلمانوں کا قتل عام شروع ہوا تاکہ وادی کی آبادی کی حیثیت کو تبدیل کیا جاسکے۔

کشمیری عوام نے کبھی بھی غیر قانونی قبضے کو قبول نہیں کیا اور 1947 میں عوامی بغاوت کے ذریعے آزادی کی جدوجہد شروع کی۔ دریں اثناء ہندوستانی حکومت نے یکم جنوری 1948 کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل سے رجوع کیا، کشمیر کے تنازع کو حل کرنے کے لیے اس کی مدد طلب کی۔

سلامتی کونسل نے جنگ بندی، جنگ بندی لائن کی حد بندی، ریاست کو غیر مسلح کرنے اور اقوام متحدہ کی نگرانی میں ایک آزاد اور غیر جانبدار رائے شماری کی منظوری دینے والی دو قراردادیں منظور کیں۔ یہ قراردادیں 13 اگست 1948 اور 5 جنوری 1949 کو منظور کی گئیں جنہیں پاکستان اور بھارت دونوں نے قبول کیا۔ ان قراردادوں کا صرف ایک مرحلہ (جنگ بندی اور جنگ بندی لائن کی حد بندی) نافذ کیا گیا جبکہ مقبوضہ علاقے کو غیر مسلح کرنا اور رائے شماری کا انعقاد ابھی تک غیر عمل ہے۔

جنوری 1989 سے 2021 تک بھارتی فوجیوں نے تقریباً 2 لاکھ کشمیریوں کو شہید کیا، ہزاروں خواتین کو بیوہ، بچے یتیم ہوئے جبکہ ہزاروں کشمیری خواتین کو اجتماعی زیادتی کا نشانہ بھی بنایا۔ کشمیریوں کو ڈرانے دھمکانے کے لیے خواتین کی عصمت دری کو جنگ کے ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جارہا ہے۔ 10,000 سے زائد بے گناہ نوجوانوں کو لاپتہ کیا گیا جن کے ٹھکانے کا بھی کوئی پتہ نہیں چل سکا۔ جبکہ ان میں سے بہت سے لوگوں کو جعلی مقابلوں میں بھارتی فوجیوں کے مارے جانے کے بعد علاقے میں دریافت ہونے والی ہزاروں بے نشان قبروں میں دفن ہونے کا بھی خدشہ ہے۔

سینکڑوں نوجوان اپنی ایک یا دونوں آنکھیں گولی کے زخموں سے کھو چکے ہیں جبکہ ہزار سے زائد اپنی بینائی سے محروم ہونے کے دہانے پر ہیں۔ حریت رہنماؤں سمیت سینکڑوں افراد کو سلاخوں کے پیچھے ڈال دیا گیا ہے۔ جس میں گزشتہ ماہ یکم ستمبر 2021 بطل حریت، مقبوضہ کشمیر میں چلتے پھرتے پاکستان، سید علی گیلانی نے اپنی زندگی کی آخری سانس لی اور اپنے رب کی بارگاہ میں حاضر ہوگئے، آزادی کی جس جدوجہد کے لیے زندہ رہے، اپنے جیون کے 92 برس گزار کر اسی کے نام کے ساتھ آنکھیں موند لیں۔

اکتوبر میں ایک اور تاریخ کشمیریوں کے لیے اہم ہے یعنی 22 اکتوبر 1947 کو پشتونوں اور کشمیری رضاکاروں نے زمین کو آزاد کرانے کے لیے آگے بڑھنا شروع کیا۔ مہاراجہ ہری سنگھ بے چین ہوگیا اور بھارتی مدد کے لیے علاقے سے بھاگ گیا۔ بھارت نے فوری طور پر فوجیں لانچ کیں جو 26 اکتوبر 1947 کو سری نگر میں اتریں۔ مہاراجہ نے بعد میں انضمام کے دستاویز پر دستخط کیے۔ کشمیری اور پشتون قبائلی رہنماؤں کی پیش قدمی جزوی کامیابی کا باعث بنی کیونکہ بھارتی فورسز پہلے ہی سری نگر پہنچ چکی تھیں۔ آزاد علاقے کا نام آزاد جموں وکشمیر رکھا گیا۔

5 اگست 2019 کے بعد سے ہندوستان نے تمام موجودہ معاہدوں کی پابندیوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بھارتی مقبوضہ جموں وکشمیر کو دنیا کے سب سے بڑے انسانی پنجرے میں تبدیل کردیا۔ بڑے پیمانے پر نسل کشی اور آبادی میں تبدیلی ہونا شروع ہوگئی ہے۔ آئی آئی او جے کے کی سیاسی قیادت حراست میں لے لی گئی یا گھروں میں نظر بند کردیا گیا اور اسے زبردستی کنارہ کش کیا جا رہا۔ پاکستان نے بھارت کی ظالم اور سفاک حکومت کے سامنے کبھی ہتھیار نہیں ڈالے۔ پاکستان ہمیشہ سے کشمیریوں کے حق خودارادیت کی جنگ میں ان کے ساتھ کھڑا ہے جبکہ عالمی کھلاڑی تنازع کے حل کو نظرانداز کرتے رہتے ہیں، یہ خطے میں ایک انسانی مسئلہ بن گیا ہے۔ یہ مسئلہ ایک بین الاقوامی تنازعہ ہے۔ تاہم، متنازعہ وادی میں اس کے انتہائی کمزور کیس کی وجہ سے، بھارت اسے دوطرفہ تنازعہ قرار دیتا ہے اور اس مسئلے کو بین الاقوامی شکل دینے سے گریز کرتا ہے۔ اقوام متحدہ کے ہائی کمشنر برائے انسانی حقوق زید رعد الحسین نے گزشتہ سال مقبوضہ کشمیر کے حوالے سے ایک رپورٹ میں کہا تھا:

"ہندوستان اور پاکستان کے مابین تنازعہ کے سیاسی طول وعرض طویل عرصے سے مرکزی سطح پر ہیں، لیکن یہ وقت کے ساتھ منجمد تنازعہ نہیں ہے۔ یہ ایک ایسا تنازعہ ہے جس نے لاکھوں لوگوں کے بنیادی انسانی حقوق پر ڈاکہ ڈالا ہے اور آج تک ناقابل برداشت مصائب کا شکار ہے۔ تمام فریقوں کی طرف سے ماضی اور حال کی خلاف ورزیوں اور زیادتیوں کا احتساب اور متاثرین کا ازالہ ہونا ضروری ہے۔"

ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اپنی نوجوان نسل کو کشمیر کی آزادی اور مسلسل جدوجہد کی تاریخ سے روشناس کروائیں۔ کشمیر اور پاکستان کے مابین برادرانہ تعلق اور محبت کے رشتے اور اس کی اہمیت کے بارے میں بتایا جائے، کیونکہ ہماری یہ نوجوان نسل ہی ہمارا مستقبل ہیں لہٰذا انہیں کشمیر کی اہمیت اور اس کے حوالے سے اپنی ذمہ داریوں کا بھی بخوبی علم ہونا چاہیے۔ کشمیر اور کشمیری برادری کیلئے اپنی محبت کا اظہار اور ان کی جدوجہد میں اپنا کردار ادا کرنے کیلئے انہیں ان کے فرائض سے آگاہ کیا جائے۔

ہماری کل آبادی کا 60 فیصد حصہ نوجوان پر مشتمل ہے۔ ان نوجوان کو کشمیر کا سفیر بنانے کیلئے حکومتی رہنماؤں اور تعلیمی اداروں کو مل کر اپنا کردار ادا کرنا چاہئے۔ ہر ادارے میں ایک ایک کشمیر چیئر اور کشمیر کمیٹی ہونی چاہئے۔ نوجوان طلباء پر مشتمل کشمیر کمیٹی اپنے اپنے اداروں میں کشمیر کے حق میں اپنی محبت کا اظہار کرنے کیلئے مختلف تقریبات کا انعقاد کرے، سیمینار کروائیں، تقریری مقابلے اور کشمیری (جاری ہے)

سمیں سخن شاعرہ جو ہار گئی؟

سمیں درانی زندہ جذبوں کی شاعرہ تھی، اُس کی شاعری میں زندگی کی رمق، مہر ووفا کی محبت، وصال کی خوشبو اور عشق کی شیرینی کو محسوس کیے بغیر نہیں رہا جا سکتا، چاہتوں کے گلاب اور پیار کی چنبیلی کی مہک نے سمیں کے کلام کو مشکبار رکھا ہے۔

وہ خوابوں کو شرمندہ تعبیر کرنے کا ہنر جانتی تھی مگر خود خواب ہوگئی۔

خوابوں کی شاعرہ ہار گئی۔ اُس نے موت کو گلے لگا لیا۔ سمیں درانی کی ایک نظم پڑھتے ہوئے آنکھیں خود بخود بھیگ جاتی ہیں۔

جب مجھے دفنا کرتم آؤ
میرا پاسورڈ تمہارے پاس ہے
دیکھنا۔ کریدنا۔ کھودنا
وہ گناہ جو
تم سے چھپ کر میں،
رات کی تاریکی میں
اور دن کے اجالوں میں
بلا وضو حالات ناپاکی میں
تمہارے ستر کے تمام تقاضے
بالائے طاق رکھ کر
تمہاری مریم جیسی باحیا
اور بیبیوں کی پاکیزگی لیے
پورے نہ کرپائی
میرے وہ
تمام گناہ۔
سیاہ کاریاں۔ بدکاریاں
اور، میں بقول تم سے پاکبازوں کے
بے باک آزاد منش رو میں
باوجود تمہارے فتاووں کے
کرتی گئی
تم کو جہاں بھی
گناہ کی گرد ملے
اس پہ استغفار پڑھ کر
اپنے ماتھے پہ سجائے محراب
اور وضو سے دھلے پیروں کو بچا لینا
کہ میرے پاپ
میرے تمام تر وجود کا احاطہ کیے ہونگے
میری فحش میت سے
اپنی نیک اور صالح بیبیوں کو دور رکھنا
کہ اگلے دامن پہ نماز پڑھنے والے فرشتے
نہ جانے کب
میرے لاشے کی آمد کا سن کر
استغفار کی جانب لپکیں
ان آٹومیٹک ملائکہ نے، ان نیک بیبیوں نے
معاشرے کی فلاحت سے
کبھی خود کو پاک نہیں کیا
انکی تخلیق کے ساتھ ہی
اوپر والا بے نیاز
انکو جنت کے سرٹیفکیٹ دیکر
دوسری خلق میں مصروف ہوگیا تھا
بے نیاز جو ٹھہرا
لیکن نیازوں سے
اسکو کیا سروکار
وہ مالک یوم الدین ہے
کنہرا اسکا حساب اسکا
چھوٹی سے چھوٹی بھی نیکی اسکو خوش کرجائے
بڑے سے بڑا گناہ بھی وہ بخش جائے۔
تمہاری ایک لغزش پہ وہ بخشش کرے
تمہارے لیل ونہار کو سمیٹے چلے
کہ وہ ہے واحد ومجبود
اسے کسی سے مقابلے کی سعی نہیں
اسکی اپنی عدالت واپنا ترازو
پھر میں اور تم،
کیوں اندھوں کی مانند
مستقیم پہ لکیریں
کریں نہ دی جو کہ من چاہی لاگے
کیوں کریں ہم تعین ان کتابوں کا
جو منکر نکیر کہیں گے
یہ قیامت ہے کیا
جو بے نیازی کا دعویٰ
وہ انصاف کہاں
کہ
جس پہ تاج پہ گرتے
کوئی یہ بتلاؤ۔
مجھے تم یہ سمجھا؟
جو تھی اتنی بے نیازی
تو خلق کی کیوں یہ دنیا۔
کیا مٹی کو مٹکھ مٹکھا ڈال کر
روز حشر ایک کھٹکھارتا شو پیش کرنا تھا۔

سمی درانی آپ تو بہت بہادر خاتون تھیں خدا جانے آپ کے ساتھ ایسے کیا حالات پیش آئے جس نے آپ کو خودکشی پر مجبور کیا آپ تو بہادری سے معاشرتی رویوں کا مقابلہ کرتی رہیں، مگر ایسا کیا تھا؟ جس نے آس کو توڑ کر رکھ دیا اور پھر کیوں اس نے دنیا سے بیزار ہو کر موت سے ہمکنار ہوگئی وہ جو دوسروں کو جینے کے طریقے بتایا کرتی تھی دوسروں میں جینے کی امنگ پیدا کرتی تھی معروف شاعرہ، افسانہ نگار سمیں درانی اس دنیا سے رخصت ہوگئی۔۔ میرا دل ابھی تک نہیں مان رہا۔

سمیں درانی کا اصل نام نسیم ثروت تھا۔۔۔

پاکستانی شاعرہ سمیں مرجان درانی چھ جولائی 2022 کی شب اپنے گھر میں مردہ حالت میں پائی گئی تھیں لیکن پولیس عیدالاضحیٰ کی آمد کی وجہ سے تاحال نہ تو پوسٹ مارٹم رپورٹ تیار کی ہے اور نہ ہی فرانزک رپورٹ کے لیے حاصل کیے گئے نمونے پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی لیب کو لاہور بھجوا سکی۔

سمیں درانی کے انتقال کی اطلاع تھانہ کینٹ بہاول پور پولیس کو 15 کے ذریعے تقریباً رات 10 بجے کے قریب ملی ایس ایچ او تھانہ کینٹ صدیق ڈھوڈی کے مطابق '15' پر اطلاع سمیں مرجان کے چچازاد کزن ریٹائرڈ جہانزیب نے کی اور انہوں نے ہی پولیس سے سمیں کا پوسٹ مارٹم کروانے کی درخواست جمع کروائی جس پر ان کی میت کو بہاول پور وکٹوریہ ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ ایس ایچ او صدیق ڈھوڈی کے مطابق پوسٹ مارٹم کے بعد سمیں کی میت ان کے بھائی وقار، چچازاد جہانزیب اور ان کے شوہر محمد علی بھٹو کے حوالے کردی گئی تھی۔

سمیں کی تدفین جولائی 2022 کو بہاول پور کے ماڈل ٹاؤن قبرستان میں کردی گئی ہے۔

ایس ایچ او جو کا کہنا تھا کہ 'عیدالاضحیٰ کی آمد کے پیش نظر اب تک بہاول پور وکٹوریہ اسپتال کی فرانزک ٹیم نے پوسٹ مارٹم رپورٹ تیار نہیں کی اور نہ

پولیس کے مطابق سمیں کی میت کے قریب سے ڈائری، ذیابطیس کی دوائیں اور تین موبائل فونز ملا تھا تحقیقات ہو پائیں۔

پولیس کا کہنا تھا کہ سمیں کے حلقے میں لوگ ان کے صرف دو موبائل نمبرز کا علم رکھتے ہیں اب تیسرا فون سیٹ ان کا اپنا تھا یا کسی اور کا اور ذیابطیس کی دوائیں وہ خود استعمال کرتی تھیں یہ کوئی نہیں جانتا اور ڈائری میں کیا درج ہے اس متعلق کوئی تفصیلات نہیں دی گئی۔ تاہم انہیں کچھ عرصہ سے کمر درد کی شکایت تھی اور وہ کچھ ماہ قبل کچن میں کام کے دوران پاؤں پھسلنے سے پاؤں کی ہڈی ٹوٹنے سے زخمی ہوئی تھیں۔

پولیس نے سمیں کے قریب سے ملنے والے تمام موبائل سیٹ قبضے میں لے لیے ہیں لیکن موبائل لاک ہونے کے باعث اب تک موبائل فرانزک نہیں ہوسکا اور نہ ہی کسی سکیورٹی ایجنسی سے سمیں کے موبائل کالز اور میسجز کا ڈیٹا وصول کرنے کی درخواست دی گئی

سمیں کی موت کی اب تک ایف آئی آر درج کروانے کی کوئی درخواست پولیس کو موصول نہیں ہوئی اور صرف دفعہ 174 کے تحت پولیس نے خودکشی کی کارروائی کی ہے۔

سمیں مرجان درانی کا حلقہ احباب اسلام آباد اور راولپنڈی کی صحافی برادری اور ادبی حلقہ تھا جو ان کو اس نام سے جانتا تھا، دراصل ان کا اصلی نام نسیم ثروت تھا اور ان کے ناردرا ریکارڈ کے مطابق ان کے شناختی کارڈ پر موجودہ پتہ محلہ گلستان جوہر، بلاک 15، کراچی شرقی جبکہ مستقل پتہ رتو ڈیرہ لاڑکانہ کا ہے۔

ان کا شناختی کارڈ 27 اپریل کو اپنی مدت پوری کرچکا ہے جس کے بعد شناختی کارڈ دوبارہ بنانے کی درخواست جمع نہیں ہوئی۔ سمیں کے والدین کا تعلق راولپنڈی سے تھا۔

سمیں کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس کو سرچنگ کے دوران محسوس ہوا کہ وہ اپنے والدین اور بہنوں سے محبت کرتی تھیں۔ سمیں کی والدہ اور والد کا انتقال ہوچکا ہے، دونوں بہنیں شادی شدہ ہیں جن میں ایک کراچی اور دوسری دبئی میں مقیم ہیں۔ دو بھائی ہیں لیکن سمیں کی میت کو کراچی، لاڑکانہ یا راولپنڈی تدفین کرنے کی بجائے صرف چند افراد کی موجودگی میں بہاول پور میں دفنایا گیا جس میں بیٹے اور بہنیں بھی شریک نہیں ہوئیں۔

سمیں کے اہل خانہ ان کی بہن، بھائیوں نے اس واقعے پر انڈپینڈنٹ اردو کو کسی قسم کا ردعمل دینے سے انکار کردیا۔

نامہ نگار نے سمیں کے شوہر محمد علی بھٹو سے ٹیلی فون کال پر رابطہ کیا تو انہوں نے فون سنا۔ بطور صحافی ان کو تعارف کروایا گیا ان کی اہلیہ کی تعزیت کی گئی جس کو انہوں نے قبول کیا اور پھر ان سے اس واقعے کے حوالے سے جاننے کی کوشش کی جس پر انہوں نے مزید بات سے انکار کردیا۔

سمیں کے دوستوں کے مطابق وہ اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس موبائل فونز پر ہی استعمال کرتی تھیں۔ چند روز قبل انہوں نے اپنی فیس بک پروفائل ڈی ایکٹی ویٹ کردی لیکن سات جولائی کی رات ان کی جانب سے دوستوں کے لیے بنایا گیا فیس بک پیج ایکٹیو تھا جس پر وہ آن لائن شو ہو رہی تھیں۔

سمیں درانی اسلام آباد کے ادبی حلقوں کی جانی مانی شخصیت تھیں اور وہ مختلف محافل میں بھرپور شرکت کیا کرتی تھیں جہاں اپنے بولڈ انداز کی وجہ سے شہرت رکھتی تھیں۔

ان کی موت کی خبر ادبی حلقوں میں میں بڑے رنج وغم سے سنی گئی۔ سوشل میڈیا پر ابھی تک ان کے بارے میں قیاس آرائیوں اور پوسٹس کا سلسلہ جاری ہے جہاں مختلف شاعر اور ادیب ان کے بارے میں اظہار افسوس کررہے ہیں، اور ان کی اچانک موت کے بارے میں قیاس آرائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔

سمیں کیوں ہار گئی؟ اس کا جواب شاید کسی کے پاس نہیں۔

سمیں کی آخری نظم
ایک اور خودکشی
اے میرے کوزہ گر اک نظر ہو ادھر
جو دراڑیں پڑی ہیں میرے جگر پر
ذرا بھر دے انہیں خاک مستی سے تو
بنے ہستی میری چمن کا دیدہ ور

باچاخان بابا کا بہادر اور نڈر سپاہی مرحوم بسم اللہ جان لونی کی یاد میں

سید رحمت اللہ لیبر سیکرٹری عوامی نیشنل پارٹی ضلع لورالائی

پشتون سیاسی قبائلی اور سماجی اعتبار سے ایک بہادر اور نڈر قوم کے نام سے پہچانی جاتی ہے پشتون قوم نے دنیا میں بہت سے نشیب وفراز دیکھے پشتونوں نے متعدد پڑاؤ میں طویل کٹھن اور صبر آزما سفر طے کئے ہیں مگر پشتون قوم نے آج مختلف مشکلات میں گری ہوئی نظر آتی ہے ان مشکلات اور مسائل سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے مخلص اور دیانت دار قیادت کی ضرورت ہوتی ہے پشتونوں کو حقیقی اور دیانت دار قیادت بھی میسر آئی مگر پشتون قوم نے اپنی حقیقی قیادت پہچانے میں غلطی کی جو اپنے ہی پاؤں پے کلہاڑی مارنے کے مترادف تھی پشتون قوم نے تاریخ میں بولان سے چترال اور افغانستان کے ان بلند وبالا پہاڑوں کے درمیان ان وادیوں میں بڑی بڑی قدآور شخصیات پیدا کیں چاہے شیر شاہ سوری ہو یا احمد شاہ ابدالی، محمود غزنوی ہو یا میرواس خان جیسے حکمران ہوں یا خوشحال خان خٹک رحمان بابا یا فنی خان جیسے نامور شعرا ہوں اس دھرتی نے ایک ایسے درویش صفت انسان کو بھی جنم دیا جسکے تذکرے کے بغیر پشتون قوم کی تاریخ ہمیشہ نامکمل رہے گی وہ شخصیت خدائی خدمتگار تحریک کے بانی فخر افغان خان عبدالغفار خان المعروف باچاخان کی ہے جنکا شمار برصغیر کے ان نامور شخصیات میں سے ہوتا ہے جنہوں نے تاریخ کے آوراق پر گہرے نقوش چھوڑے انکا نظریہ فلسفہ اور افکار کے داعی اور ان پر جان نچھاور کرنے والے پیروکار آج بھی لاکھوں کی تعداد میں موجود ہیں۔ عوامی نیشنل پارٹی کے قائدین اور باچاخان بابا کے پیروکاروں نے اس مٹی کی خاطر بہت سی قربانیاں دیں جسکی مثال دنیا کے کسی بھی کونے میں نہیں مل سکتی مصیبتوں اور پریشانیوں کو جھیلنے کی وجہ سے ہمارے عوام اپنے اکابرین کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں فخر افغان باچاخان نے پشتونوں کو عدم تشدد کا درس دیا اور ساتھ ہی پشتونوں کو خدائی خدمتگاری کے جذبے سے روشناس کرایا۔

باچاخان کی تحریک ہی کی وجہ سے لوگوں میں بیداری پیدا ہوئی اور وہ اپنے حقوق حاصل کرنے کیلئے اٹھ کھڑے ہوئے آج دنیا کے ہر کونے پر بسنے والے پشتون باچاخان کے خدمات سے آگاہ ہیں اور اس راہ پر چلنا اپنے لئے کار خیر اور عزت وافتخار کی علامت سمجھتا ہے انکے راہ پر چلنے والے مصائب اور مشکلات سے آگاہ ہیں یہ ان کیلئے کوئی نئی بات نہیں اس تحریک سے وابستہ لیڈران نے حقیقی معنوں میں عوام کی آواز بننے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی اور ہر پلیٹ فارم پر ذات سے بالاتر ہوکر اجتماعیت کا درس دیا۔ آج بھی اس تحریک سے وابستہ لیڈران پشتونوں کو دنیا میں نمایاں مقام دلانے کیلئے جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں فخر افغان باچاخان اور انکے ساتھیوں کا کردار ہر حوالے سے ناقابل فراموش ہے آج ہم اس قافلے سے وابستہ باچاخان بابا کے ایک ایسے بہادر اور نڈر سپاہی کا ذکر کرتے ہیں۔ جنہوں نے اپنی زندگی انسانیت کی بقاء اور کامیابی کے مقصد کے تحت گزاری اور محکوم طبقات کے موثر آواز بنے رہے جسکا نام بسم اللہ جان لونی ہے جو 28 اکتوبر 2019 کو ہم سے ہمیشہ کیلئے بچھڑ گئے ایسے لوگ جنہوں نے اپنی زندگی عوام کی خدمت میں گزاری ہو وہ بظاہر تو مر جاتے ہیں لیکن انکی یادیں اور انکی جدوجہد ہمیشہ یاد رہتی ہے مرحوم بسم اللہ جان لونی فخر افغان باچاخان کے قافلے کے ایک سچے سپاہی تھے جو مرتے دم تک باچاخان کے نقش قدم پر چلتے رہے انکے حالات زندگی، سیاسی خدمات اور جدوجہد پر ایک مختصر جائزہ لینا ضروری ہے۔ مرحوم بسم اللہ جان لونی 1974 کو اپنے آبائی گاؤں کلی مرجانزئی میں ایک مڈل کلاس گھرانے میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تعلق لونی قبیلے کے شاخ مرجانزئی سے تھا۔ بسم اللہ جان لونی نے پرائمری تک تعلیم گورنمنٹ میرواس کالونی مڈل سکول لورالائی سے حاصل کی اور میٹرک 1990 میں گورنمنٹ ٹاؤن ہائی سکول لورالائی سے کیا۔ اسکول سے فارغ ہونے کے بعد 1991 میں ڈگری کالج لورالائی میں داخلہ لیا اور پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن میں شمولیت اختیار کرکے تنظیم کو فعال کرنے کی جدوجہد شروع کی۔ مرحوم بسم اللہ جان لونی 1993 میں پشتون ایس ایف کے

شال بقیہ 1

کشمیر انسانی کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لینا چاہئے اور اقوام متحدہ کی قراداد کے مطابق کشمیریوں کو ان کا حق خود ارادیت دینا چاہیے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ سات دہائیوں سے زائد مقبوضہ کشمیر میں بھارتی ریاستی دہشت گردی سے لاکھوں بے گناہ کشمیریوں کو قتل کیا گیا اور چادر اور چار دیواری کے تقدس کو پامال کیا جا رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بھارت نے آرٹیکل 370 اے کو ختم کرتے ہوئے مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت کا خاتمہ کیا اور وہاں غیر کشمیریوں کو آباد کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی جانب سے کشمیر کی متنازع حیثیت بدلنا ہمیں کسی صورت قبول نہیں ہم کل بھی کشمیریوں کے ساتھ تھے اور آج بھی ان کے ساتھ ہیں کشمیریوں پر ہونے والے مظالم کا دکھ ہر پاکستانی محسوس کرتا ہے اور بلوچستان کے عوام بھی ہر فورم پر اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں وزیر اعلیٰ نے کشمیریوں کی تحریک آزادی کی کامیابی کی دعا کی ہے۔

شال بقیہ 2

غیر قانونی اور یکطرفہ اقدام سے صورتحال مزید بگڑ گئی ہے، تمام تر مشکلات کے باوجود بہادر کشمیری بے مثال قربانیوں کے ذریعے بھارتی جارحیت کا مقابلہ کر رہے ہیں، ہم کشمیری عوام کو حق خود ارادیت کا جائز حق ملنے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں وزیر اعظم نے کہا کہ آج پورے دل کے ساتھ ہم کشمیر کے حوالہ سے ایک اور یوم سیاہ منا رہے ہیں، 27 اکتوبر 1947 کو 75 سال پہلے بھارت نے زبردستی اپنی فوجیں غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر تسلط مقبوضہ جموں و کشمیر میں اتار دی تھیں اور تب سے وہ اس علاقے پر زبردستی اور غیر قانونی طور پر قبضہ جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر پر اپنے زبردستی قبضے کو برقرار رکھنے کے لئے بھارت نے علاقے میں 9 لاکھ سے زیادہ مسلح فوجی تعینات کر رکھے ہیں۔ تشدد، غیر قانونی نظر بندیاں، جھوٹے مقدمات میں ملوث کرنے، کالے قوانین کے تحت طاقت کے اندھا دھند استعمال اور کشمیریوں کی الگ ثقافتی اور مذہبی شناخت ختم کرنے کیلئے منظم کارروائیاں مقبوضہ علاقے پر بھارت کے غالمانہ قبضے کی حقیقت کی نشاندہی کرتی ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ 5 اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت کو غیر قانونی اور یکطرفہ طریقہ سے ختم کرنے کے بعد سے صورتحال مزید بگڑ گئی ہے، گزشتہ تین سالوں میں بھارتی قابض افواج کے ہاتھوں تقریباً 690 بے گناہ کشمیریوں کا ماورائے عدالت قتل کیا گیا ہے، ممتاز حریت رہنما غیر قانونی طور پر زیر حراست یا گھروں میں نظر بند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت جعلی ڈومیسائل کے اجرا، جائیداد کے قوانین میں تبدیلی، انتخابی اصلاح میں تبدیلی، ہندو اکثریتی علاقوں کیلئے ریاستی اسمبلی میں نئی نشستیں پیدا کرنے اور غیر کشمیری باشندوں کے نام انتخابی فہرستوں میں شامل کر کے مقبوضہ جموں و کشمیر میں آبادی کے تناسب میں تبدیلی کیلئے قابل مذمت اقدامات کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام تر مشکلات کے باوجود بہادر کشمیری بے مثال قربانیوں اور تکلیوں سے انکار کرتے ہوئے بھارتی جارحیت کا مقابلہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ اس حقیقت کی گواہ ہے کہ بھارتی حکومت کی طرف سے مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام، پاکستان اور عالمی برادری سے سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کی پاسداری اور اپنے وعدوں پر عملدرآمد کرنے سے قابض طاقتیں انکاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ اس بات کی بھی گواہ ہے کہ بھارت نے ہمیشہ غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کیا ہے اور اپنے وعدوں کی پاسداری کو مکمل طور پر جھٹلایا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ جموں و کشمیر کا تنازعہ ساڑھے سات عشرے سے زیادہ عرصہ سے اقوام متحدہ کے ایجنڈے پر ہے، پاکستان کشمیریوں کے ساتھ اپنے وعدوں پر قائم ہے اور اس نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کے خلاف پر مسلسل آواز بلند کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان عالمی برادری پر مسلسل زور دیتا رہا ہے کہ وہ مقبوضہ جموں و کشمیر کے مسئلہ پر اپنا کردار ادا کرے اور ذمہ داری پوری کرے، پاکستان نے مقبوضہ علاقے میں بھارتی مظالم کے خلاف مسلسل آواز اٹھائی ہے اور 5 اگست 2019 کے بھارتی حکومت کے غیر قانونی اور یکطرفہ اقدامات کو فوری طور پر واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

شال بقیہ 3

ترقی کی دوڑ میں آگے نقل نہ اور انصاف نہ ہونے کی وجہ سے ہم پیچھے رہ گئے، لیڈر وہ بنتا ہے جو انصاف کیلئے کھڑا ہوتا ہے۔ ہم ان چوروں کو مقابلہ کریں گے اور انہیں شکست دیں گے۔ جب تک زندہ ہوں انکے چوروں کا مقابلہ کرتا رہوں گا۔ چیئرمین تحریک انصاف کا کہنا تھا کہ حق کیلئے کھڑے ہونے والے ارشد شریف کو شہید کیا گیا، قوم ہمیشہ اسے یاد رکھے گی، ارشد شریف چوروں اور ڈاکوں کیخلاف جہاد کر رہا تھا۔ طاقتور قانون کو سب سے بالاتر سمجھتے ہیں جبکہ انسانی معاشرے میں قانون طاقتور اور کمزور کو ایک نظر سے دیکھتا ہے۔ عمران خان نے کنونشن سے خطاب میں مزید کہا کہ زندہ معاشرے ہمیشہ ظلم اور ناانصافی کیخلاف کھڑا ہوتا ہے، وہ قوم اوپر جاتی ہے جو انسانوں کی تعلیم پر پیسہ خرچ کرتی ہے۔ جانوروں کے معاشرے میں انصاف نہیں ہوتا، جانوروں کے معاشرے میں طاقتور لوگوں کا قانون چلتا ہے۔ چھوٹے چور جیلوں میں جاتے ہیں اور بڑے چور رہا ہو جاتے ہیں، سازش کے تحت چوروں کو ہم پر مسلط کیا گیا۔ قبل ازیں عمران خان نے کہا کہ ارشد شریف ان دو خاندانوں کو جنہوں نے ملک کو لوٹا انکو بے نقاب کرتا۔ ارشد شریف حق اور سچ کے ساتھ کھڑا ہونے والا تھا، پاکستان کو لوٹنے والوں کا سب کچھ سامنے لاتا۔ ارشد شریف پاکستان کے مفاد میں آواز بلند کرتا تھا۔

شال بقیہ 4

ساتھ سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق دیرینہ تنازعہ کے پرامن اور منصفانہ حل میں سہولت فراہم کرنے میں اپنا کردار ادا کرے۔ 27 اکتوبر 2022 کو کشمیر کے یوم سیاہ کے موقع پر اپنے پیغام میں صدر مملکت نے کہا کہ اس سال 27 اکتوبر کو مقبوضہ جموں و کشمیر پر بھارت کے غیر قانونی قبضے کے 75 سال مکمل ہو رہے ہیں، ہم گزشتہ ساڑھے سات دہائیوں سے بھارتی قابض افواج کے جاری مظالم کی مذمت کرتے ہوئے حق خود ارادیت کی منصفانہ جدوجہد میں اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کی قربانیوں کو یاد کرنے کے لیے یوم سیاہ مناتے ہیں، اس دن پوری پاکستانی قوم اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کی آزادی کی منصفانہ جدوجہد میں ان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بے گناہ کشمیری مردوں، عورتوں اور بچوں کی کئی نسلوں نے بھارتی بربریت، خونریزی اور تشدد کے سوا کچھ نہیں دیکھا۔ بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں و کشمیر فوجی محاصرے میں ہے جس میں مقبوضہ خطے کے لوگوں کی بنیادی آزادیوں پر سخت پابندیوں سے مزید شدت آئی ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ 5 اگست 2019 کے بھارت کے غیر قانونی اور یکطرفہ اقدامات سے گزشتہ تین سالوں میں صورتحال کافی خراب ہوئی ہے جس نے بھارتی آئین کے تحت جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت کو ختم کر دیا۔ یہ اقدامات اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کی خلاف ورزی کرتے ہیں جن میں کہا گیا ہے کہ ریاست جموں و کشمیر کا حتمی فیصلہ کشمیری عوام کی مرضی کے مطابق آزادانہ اور غیر جانبدارانہ استصواب رائے کے ذریعے کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آج جموں و کشمیر آزادی اظہار پر بے مثال پابندیوں، فرضی مقابلوں، محاصرے اور تلاشی کی کارروائیوں، حراستی تشدد اور ہلاکتوں، جبری گمشدگیوں، سینئر کشمیری قیادت اور نوجوان لڑکوں کو نظر بند کرنے، میلٹ گنوں کے استعمال بالخصوص کشمیری نوجوانوں کو نشانہ بنانے، کشمیریوں کا اجتماعی سزا دینے کے لیے گھروں کو جلانے اور مظلوم بنانے کے دیگر طریقوں کا نشانہ بنا ہوا ہے۔ 5 اگست 2019 سے اب تک بھارتی قابض افواج کے ہاتھوں 690 سے زائد بے گناہ کشمیری ماورائے عدالت قتل ہو چکے ہیں۔

شال بقیہ 5

ی۔ کشمیری عوام دنیا کے تمام آزادی پسند لوگوں کے لیے مشعل راہ بن چکے ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ بھارت غیر قانونی قبضے سے کشمیریوں کے جذبہ حق خود ارادیت کو دبا نہیں سکتا۔ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور پاکستان کی تمام سیاسی جماعتیں مسئلہ کشمیر کے حل کیلئے یک زبان اور ایک صفحہ پر ہیں۔ پاکستان کی عوام اور تمام ادارے کشمیریوں کے حق خود ارادیت کی بھرپور حمایت کرتے ہیں۔ بھارت نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالیوں کی بدترین مثالیں قائم کرتے ہوئے لاکھوں کشمیریوں کو نظر بند کر دیا ہے۔ اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے ادارے، جمہوریت پسند ممالک اور تنظیمیں کشمیر کے مسئلے کو اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق حل کرانے کیلئے موثر اقدامات اٹھائیں۔ مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کیلئے اقوام عالم لائحہ عمل اختیار کرے تاکہ مظلوم کشمیریوں کو ان کا بنیادی حق میسر ہو سکے۔ اقوام متحدہ نے کشمیریوں کیلئے درجنوں قراردادیں بھی منظور کی ہیں۔ 5 جنوری 1949 کو اقوام متحدہ نے کشمیریوں کو ان کا حق خود ارادیت دلانے کی ضمانت دی تھی۔ پاکستان کشمیریوں کے حق خود ارادیت کے مؤقف کی بھرپور حمایت کرتا ہے۔

شال بقیہ 6

غائی وصول کرنے کیلئے شہید کے اہل خانہ ایئرپورٹ پر موجود تھے۔ اس کے علاوہ اسلام آباد ایئرپورٹ پر مختلف ٹی وی چینلز کی ٹیم، مراد سعید اور فواد چوہدری بھی موجود تھے۔ شہید ارشد شریف کی بیوہ جویریہ صدیق کے مطابق سینئر صحافی ارشد شریف کی تدفین جمعرات کے روز وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے ایچ الیون قبرستان میں کی جائے گی۔ دوسری جانب صحافی ارشد شریف کی کینیا میں ہلاکت کے معاملے کی تحقیقات کیلئے وزارت داخلہ نے تین رکنی کمیٹی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈائریکٹر فیڈرل انویسٹیگیشن بیورو (ایف آئی اے) اطہر وحید، ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل انویسٹیگیشن بیورو (آئی بی) شاہد حامد اور انٹر سروس انٹیلیجنس (آئی ایس آئی) کے لیفٹیننٹ کرنل سعد احمد تحقیقاتی ٹیم میں شامل ہوں گے۔ تحقیقاتی ٹیم ارشد شریف کی ہلاکت کے معاملے کے حقائق جاننے کیلئے فوری طور پر کینیا روانہ ہوگی۔ وزارت خارجہ اور کینیا میں پاکستانی ہائی کمیشن کے حکام تحقیقاتی ٹیم کی معاونت کریں گے۔ تحقیقاتی ٹیم ارشد شریف کی ہلاکت کے حقائق کے حوالے سے کینیا کی پولیس اور حکام سے ملے گی اور اپنی رپورٹ وزارت داخلہ کو پیش کرے گی۔

شال بقیہ 7

کانفرنس 2023 کی تیاری کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سرحد کی دوسری جانب تبدیلیوں کا براہ راست اثر پاکستان پر پڑتا ہے لہٰذا یہ ضروری ہے کہ پانی کی تقسیم کے سندھ طاس معاہدے کا احترام کیا جائے اور اس پر عمل درآمد کیا جائے۔ انہوں نے کہا پاکستان دنیا میں پانی کی کمی کے 10 سرفہرست ممالک میں شامل ہے اور آب و ہوا کے خطرے سے دوچار ٹاپ 10 ممالک میں بھی شامل ہے۔ منیر اکرم نے کہا کہ شدید موسمی واقعات جیسے سیلاب، خشک سالی، برفانی چٹانوں کے پھٹنے، طوفانوں اور گرمی کی مسلسل لہروں نے زندگی اور املاک دونوں کو شدید نقصان پہنچایا ہے اور پاکستان کی اقتصادی ترقی کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ پاکستانی سفیر نے کہا کہ پاکستان 2023 کی آبی کانفرنس کے موضوعات سے متفق ہے جو اس کی قومی ترجیحات سے ہم آہنگ ہیں۔ یاد رہے کہ تقریباً بارہ سو سائنسدان، فنی شعبے کے نمائندے اور سول سوسائٹی کے ارکان نیو پارک میں اقوام متحدہ کے ہیڈ کوارٹر میں اجلاس کر رہے ہیں تاکہ پانی اور پائیداری سے متعلق خیالات پر تبادلہ خیال کیا جا سکے۔

شال بقیہ 8

جینوا کنونشن کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ 27 اکتوبر یوم سیاہ کشمیر کے حوالے سے اپنے خصوصی پیغام میں انہوں نے کہا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر پر بھارت کے غیر قانونی قبضے کو 75 سال مکمل ہو گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ 27 اکتوبر 1947 کا ہی دن ہی تھا جب بھارتی حکومت نے جموں و کشمیر کی ریاست کے ہندو حکمران مہاراجہ کیساتھ ساز باز کرتے ہوئے بھارتی افواج کو طاقت کے بل بوتے پر مقبوضہ جموں و کشمیر میں داخل کیا اور عوام کی خواہشات کے عین برعکس مقبوضہ جموں و کشمیر پر غیر قانونی قبضہ کر لیا۔ انہوں نے کہا کہ اس غیر قانونی قبضے کو سات دہائیاں گزر چکی ہیں اور اس تمام عرصے میں بھارت نے کشمیریوں کے عزم کو توڑنے کی ہر ممکن کوشش کی ہے لیکن کشمیریوں کی بہادری اور عزم نے مسئلہ کشمیر کو دنیا کی توجہ کا مرکز بنائے رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی قوانین کے تحت بھارت کے پاس مقبوضہ جموں و کشمیر میں مداخلت کا کوئی جواز نہیں ہے اور بھارت کشمیر پر کسی قسم کا دعویٰ نہیں کر سکتا۔ مشیر امور کشمیر نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر پر بھارتی قبضہ غیر قانونی ہے اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور چوتھے جینوا کنونشن کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تین سال قبل بھارت نے اپنے ہی آئین کے آرٹیکل 370 اور 35 اے کی منسوخی کی صورت میں کشمیریوں سے کیے گئے اپنے اس عہد سے بھی مکر گیا جس کے تحت اس نے مقبوضہ جموں و کشمیر کو خصوصی حیثیت دے رکھی تھی۔ قمر زمان کائرہ نے کہا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر کو اپنے حقوق سے محروم کرنے کے بعد بھارت نے اب مقبوضہ جموں و کشمیر کی آبادی کے تناسب کو تبدیل کرنے کی ایک گھناؤنی مہم شروع کر دی ہے، بھارت نے پہلے ہی غیر کشمیری باشندوں کو لاکھوں کے حساب سے ڈومیسائل جاری کر دیے ہیں اور اسی طرح جائیداد اور حق ملکیت کے قوانین میں بھی تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے مسلمانوں کو نقصان پہنچانے کے لیے انتخابی حد بندیوں میں بھی ایسی تبدیلیاں کی ہیں کہ تناسب کے حوالے سے ہندو اکثریتی علاقوں کو زیادہ ناجائز طور پر نشستیں دے دی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسی طرح عارضی رہائش پذیر غیر کشمیریوں کو انتخابی ووٹر لسٹوں میں شامل کر دیا ہے تاکہ مقبوضہ جموں و کشمیر کے انتخابات میں بھارت اپنے عزائم کے حوالے سے جوڑ توڑ کر سکے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تمام اقدامات بھارتی حکومت اور انتظامیہ کی بھرپور مدد سے کیے جا رہے ہیں اور ان قابل مذمت اقدامات کا مقصد مقبوضہ جموں و کشمیر پر ایک ہندو وزیر اعلیٰ کو نافذ کرنا ہے۔ مشیر امور کشمیر نے کہا کہ 1947 سے لے کر آج تک ہزاروں نہتے کشمیریوں کو شہید کرنے کے باوجود بھارت نے 5 اگست 2019 کے یکطرفہ اور غیر قانونی اقدامات کے بعد سے مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانیت سوز مظالم میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 5 اگست 2019ء کے بعد سے بھارت نے گزشتہ تین سالوں میں 690 سے زائد کشمیریوں کو ماورائے عدالت قتل کے واقعات میں شہید کیا ہے جن میں سے 170 افراد کو صرف اس سال میں بھارتی قابض افواج نے شہید کیا ہے انہوں نے کہا کہ بھارتی قابض افواج کی جانب سے نام نہاد مقابلوں اور سرچ آپریشنز میں روزانہ نہتے کشمیری نوجوانوں کو شہید کرنا ایک معمول کی کارروائی بن چکا ہے۔

شال بقیہ 9

تصدیق ہوئی۔ محکمہ صحت بلوچستان کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ روز لسبیلہ سے 20، پنجگور سے 9، گوادر سے 4 ڈینگی کے کیسز رپورٹ ہونے کے بعد اب تک مجموعی طور پر رپورٹ ہونے والے کیسز کی تعداد 4673 ہو گئی ہے۔ محکمہ صحت بلوچستان کے مطابق صوبے میں ایک ہفتے کے دوران 43 افراد ڈینگی سے متاثرہ ہوئے ہیں جن میں 31 کا تعلق لسبیلہ، 20 کا پنجگور، 10 کا گوادر سے بتایا جاتا ہے۔

شال بقیہ 10

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی نصر اللہ خان زیرے گزشتہ تین سالوں سے زرعی یونیورسٹی کوئٹہ کے داخلوں میں تاخیر، رکن صوبائی اسمبلی شکیلہ نوید قاضی مالی سال 2021-22 میں معذور افراد کے لئے خریدی گئیں ٹرائی موٹر سائیکلیں پر ہونے والے اخراجات سمیت مکمل تفصیل کی فراہمی سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس پیش کریں گے۔ اجلاس میں اراکین صوبائی اسمبلی حاجی نور محمد دمڑ، مبین خان خلجی، خلیل جارج، بشریٰ رند، ماہ جبین شیران ملک مخالف تقاریر کی روک تھام کی بابت عملی اقدامات اٹھانے، اراکین اسمبلی میر حمل کلمتی، اختر حسین لانگو اور میں پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ریسرچ اینڈ رجسٹریشن آف کوالٹی اشورنس کے قیام کی بابت قانون سازی کرنے سے متعلق قراردادیں پیش کریں گے۔

شال بقیہ 11

مرمت کے کاموں کے سلسلے میں 27 اکتوبر (بروز جمعرات) سریاب گرڈ اسٹیشن کے سریاب ون، سریاب ٹو، جڑسا، دلدار کاریز، واسا، لیاقت بازار، جائنٹ روڈ، خیر بخش مری، کرانی اور ہزارہ ٹاؤن فیڈروں سے دن 11:30 بجے سے شام 4 بجے تک بجلی بند رہے گی نیز اسی روز ٹھیکہ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے جبل نور، ویسٹرن بائی پاس، کنڈی، داریم، دوستین، خروٹ آباد، ایئرپورٹ فیڈروں سے دن ایک بجے سے شام 5 بجے تک بلوچ مری آباد گرڈ اسٹیشن کے مری آباد، سید آباد، ہوفی روڈ کالمی وان، کالمی ٹو فیڈروں سے دن 12 بجے سے شام 4:30 بجے تک بجلی بند ہوگی۔

شال بقیہ 12

کورنگے ہاتھوں گرفتار کر کے دو لاکھ کی نقدی قبضے میں لے لی۔ محکمہ اینٹی کرپشن کے حکام کے مطابق مسلم باغ کے رہائشی شیری محمد طاہر نے ڈائریکٹر اینٹی کرپشن کو درخواست دی کہ میرا بھائی علاج کیلئے پی ایم سی اسپتال آیا تھا جس کو بریوری تھانے کے اہلکاروں نے اٹھایا ہے اور رہائی کیلئے دو لاکھ روپے طلب کئے جا رہے ہیں۔ اینٹی ڈائریکٹر اینٹی کرپشن کامران بشیر کی سربراہی میں ٹیم نے جوائنٹ مجسٹریٹ کے ہمراہ اچانک روڈ پر کارروائی کرتے ہوئے بریوری تھانے کے ہیڈ کانسٹیبل ناصر خان اور اس کے ایک سہولت کار امیر جان کو دو لاکھ کی نقدی وصول کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ محکمہ اینٹی کرپشن حکام نے بتایا کہ رشوت ستانی کے اس کیس میں مزید اہلکاروں کی گرفتاری بھی متوقع ہے۔

شال بقیہ 13

کا اظہار کیا اور حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان کے اخبارات کو سبسڈی دی جائے، اجلاس میں اینکر پرسن ارشد شریف پر جان لیوا حملے کی مذمت کی گئی اور حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ صحافیوں کو تحفظ فراہم کیا جائے۔ اجلاس میں صادق بلوچ روزنامہ بلوچستان ایکسپریس، جاوید احمد روزنامہ اعتماد، بالاچ ساجدی روزنامہ انتخاب، ریاض الحسن روزنامہ جنگ، محمد انور ناصر روزنامہ بلوچستان نیوز، علیم صادق روزنامہ شال، محمد اکرم روزنامہ جنگ نے شرکت کی۔

شال بقیہ 14

ہوا کھانا، رہائش اور علاج معالجہ فراہم کیا جا رہا ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پاکستان آرمی، ایف سی بلوچستان اور این ڈی ایم اے کی جانب سے 18763 کھانے کے پیکٹس، 354 ٹینٹ اور بستر وغیرہ مستحق لوگوں میں تقسیم کیے گئے ہے۔ سیلاب سے متاثر و اضلاع میں لوگوں کو متعدی امراض سے بچاؤ کے لئے فری میڈیکل کیمپس کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان کی جانب سے 7 فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا جس میں 1501 مریضوں کا علاج معالجہ کیا گیا اور مفت ادویات فراہم کی گئیں۔ بلوچستان کی تمام شاہراہیں ٹریفک کی آمد و رفت کیلئے مکمل طور پر کھول دی گئیں ہیں۔ جبکہ قومی شاہراہوں پر ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لئے نیشنل ہائی وے اتھارٹی، پاک فوج، ایف سی بلوچستان، پاکستان کوسٹ گارڈ اور سول انتظامیہ مصروف عمل ہیں۔

شال بقیہ 15

اور آئرلینڈ کے درمیان تعلقات کو مستحکم بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو اس وقت تباہ کن سیلاب کے سنگین تباہ کاریوں کا سامنا ہے، پاکستانی سفراء عالمی سیلاب کی وجہ سے بڑے سے بڑے پیمانے پر ہونے والے جانی و مالی نقصانات کے بارے میں دنیا کو آگاہ کریں۔ انہوں نے آئرلینڈ کیلئے نامزد سفیر کو آئرلینڈ میں مقیم پاکستانیوں کی فلاح و بہبود اور پاکستان آئرلینڈ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھانے کیلئے کہا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی ہیلتھ پروفیشنلز کی بڑی تعداد آئرلینڈ میں خدمات انجام دے رہی ہے۔ انہوں نے نامزد سفیر کو ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے کہا۔ انہوں نے نامزد سفیر کو آئرلینڈ اور پاکستان کے مابین تجارتی حجم کو بڑھانے کے لیے خصوصی اقدامات اٹھانے کیلئے کہا۔ پارلیمانی رابطوں کے اہمیت کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے اسپیکر نے کہا کہ دونوں ممالک کے اراکین پارلیمنٹ دو طرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور دونوں اقوام کو قریب لانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔

شال بقیہ 16

کرنے کی ضرورت ہے۔ بدعنوانی و لوٹ مار کی وجہ سے سب منصوبے دیر پا نہیں۔ شہری سڑکیں کچی کرنے کے بجائے بجٹ کے پیسے میں ان کا منہ کالا کیا جاتا ہے۔ کوئٹہ کی پارٹیاں منتخب نمائندے شہریوں سے صرف ووٹ مانگتے ہیں اور شہری بھی ووٹ دیکر وقت قطعی کر کے پھر 5 سال بددعاؤں پر گزارہ کرتے ہیں۔ شہری پینکر مافیا کے حوالے پینے کا صاف پانی نہیں، صفائی اور ٹریفک مسائل نے شہریوں کو ذہنی مریض بنا دیا، شہری معیاری علاج و بہتر تعلیم کیلئے پریشان ہیں سرکاری تعلیم و صحت کے اداروں میں بھی فیسیں بڑھا کر کے غریبوں پر تعلیم و علاج کے دروازے بند کیے گئے ہیں۔ کوئٹہ کے مسائل دیانت دار ایماندار ممبران حل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کوئٹہ کو ترقی دینے کے لئے خادم کی حیثیت سے کردار ادا کرے گی کوئٹہ میں مسائل کو اجاگر اور حل کے لئے جماعت اسلامی صف اول کا کردار ادا کر رہی ہے کوئٹہ کے تاجر ٹیکسز کی مد میں حکومتی خزانے میں خطیر رقوم جمع کراتی ہے مگر اس کے باوجود بھی ان کے لئے مسائل پیدا کئے جا رہے ہیں آئے روز ٹیکسز میں اضافہ کیا جا رہا ہے جس کی وجہ سے قانونی کاروبار کی بجائے غیر قانونی کاروبار کو فروغ مل رہا ہے۔ کوئٹہ شہر کے لئے نواز شریف نے اپنے دور میں 14 ارب روپے کا اعلان کیا مگر اس کا کچھ معلوم نہیں ہوا کہ وہ پیسے کہاں خرچ ہوئے، جام کمال کے دور میں 6 ارب روپے کا اعلان ہوا اس کا بھی کچھ معلوم نہیں، صوبے میں کرپشن اپنے عروج پر ہے پانی کو ذخیرہ کرنے کے لئے کوئی منصوبہ موجود نہیں، بجلی کی سپلائی معطل، دو لیج میں گیس اور لوڈشیڈنگ سمیت سوئی گیس کے پریشر میں کمی اور لوڈشیڈنگ نے عوام کا جینا محال کر دیا ہے۔

شال بقیہ 17

دی۔ وزارت داخلہ کی جانب سے تحقیقاتی ٹیمیں کی تشکیل تو کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے جس کے مطابق 2 رکنی کمیٹی میں وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کے ڈائریکٹر اطہر وحید اور انٹیلی جنس بیورو کے ڈپٹی ڈائریکٹر عمر شاہد حامد شامل ہیں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تحقیقاتی ٹیم فوری طور پر کینیا کا دورہ کرے گی۔ گزشتہ روز ارشد شریف کے قتل کی تحقیقات کے لیے تشکیل دی گئی کمیٹی کے ارکان کی تعداد تین تھی جس میں آئی ایس آئی کے کرنل سعد احمد بھی شامل تھے۔

شال بقیہ 18

پر پھر اسے ستمبر لیے بجلی کی قیمت میں فی یونٹ اضافے کی منظوری دیدی۔ پھر اکے مطابق عوامی سماعت چیئرمین نیپرا انجینئر توصیف ایچ فاروقی کی زیر صدارت ہوئی، سماعت میں نیپرا ممبران، انجینئر رفیق الدین شیخ اور انجینئر منصور انور خان بھی موجود تھے، سی پی پی اے جی نے ایف سی اے کی مد میں 20 پیسے فی یونٹ اضافے کی درخواست جمع کروائی تھی، اگست کا ایف سی اے صارفین سے 19 پیسے فی یونٹ اضافے سے چارج کیا گیا تھا، ستمبر کا ایف سی اے اگست کی نسبت 10 پیسے فی یونٹ صارفین سے کم چارج کیا جائے گا، اضافے کا اطلاق ڈسکوز کے تمام صارفین ماسوائے لائف لائن اور الیکٹرک ویہیکل چارجنگ اسٹیشنز پر ہوگا۔ نیپرا کے مطابق اس کا اطلاق کے الیکٹرک صارفین پر بھی نہیں ہوگا، اتھارٹی ڈسپا کی مزید جانچ پڑتال کے بعد اپنا تفصیلی فیصلہ جاری کرے گی۔

شال بقیہ 19

مول پروڈکٹس کی پرچون قیمتوں کے معاملے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں فارماسیوٹیکل انڈسٹری کا پیراسیٹامول پانچ سو ملی گرام کی گولی دو روپے پینتیس پیسے کرنے پر اتفاق کیا گیا، پیراسیٹامول ایکسٹرا پانچ سو ملی گرام کی گولی دو روپے 75 پیسے کرنے پر اتفاق کیا گیا، پیراسیٹامول سیرپ کی قیمت ایک سو ستر روپے کرنے پر اتفاق کیا گیا۔

شال بقیہ 20

دیئے۔ عمران خان نے الیکشن کمیشن کے فیصلے کی مصدقہ نقل اسلام آباد ہائیکورٹ میں پیش کر دی اور اٹارنی کے ذریعے بائیو میٹرک کی بھی تصدیق کر دی۔ عمران خان نے بطور ایم این اے عہدے سے ہٹانے کا آرڈر بھی چیلنج کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ این اے 95 سے بطور رکن قومی اسمبلی ہٹانے کا آرڈر کالعدم قرار دے، الیکشن کمیشن نے این اے 5 سے نااہل کیا، اور ڈی نوٹیفائی این اے 95 سے کر دیا، 21 اکتوبر کو این اے 95 سے نااہل کیا اور درستگی 24 اکتوبر کو کی گئی۔

شال بقیہ 21

کر دیا ہے۔ کچھ غیر سنجیدہ ضدی اناپرست نابالغ سیاستدان ملک میں انتشار پھیلانے کے لئے شہید ارشد شریف کی شہادت کو اپنے سیاسی دکانداری کے لیے استعمال کر رہے ہیں جو کہ قابل مذمت اور افسوسناک عمل ہے۔ نواب ثناء اللہ خان زہری نے کہا کہ ریاستی اداروں کے کے خلاف اپنے مذموم مقاصد کے لئے مہم چلانا اداروں کو کمزور کرنا پاکستان کے دشمنوں کو خوش کرنے کے مترادف ہے، حکومت ایسے عناصر کی سرکوبی کیلئے ایکشن لینا چاہیے۔

شال بقیہ 22

کا ہی، نااہلی، عوام دشمنی خود اس کے لیے بڑا بوجھ ہے، عمران خان کا لانگ مارچ پنجاب اور کے پی کے حکومت کی بیساکھیوں پر ہوگا، دو صوبائی حکومتیں وفاق پر یلغار کریں گی، عمران اور ان کی ہر سطح کی قیادت کے آگے اٹھتے بیانات حالات کو پرامن نہیں رہنے دیں گے، تصادم کی صورت میں نقصان جمہوریت اور وفاقہ و آمریت کو ہوگا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ جماعت ملک میں پائیدار جمہوریت، بااختیار بلدیاتی نظام، آئین و قانون کی بالادستی اور شفاف غیر جانبدارانہ انتخابات پر یقین رکھتی ہے۔ اقتصادی، سیاسی، تہذیبی اخلاقی اور سماجی بحرانوں کا علاج سیاسی مذاکرات ہیں۔ پاکستان کی تاریخ گواہ ہے کہ سخت ترین حالات میں بھی مذاکرات ہوئے لیکن مذاکرات کے نتائج پر عمل نہ کر کے فوجی آمریت کا راستہ ہموار ہوا۔ قومی قیادت ہوش کے ناخن لے اور اسٹیٹس مین شپ کا مظاہرہ کرے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ ملک میں سیاسی انتشار، بے یقینی اور عدم استحکام کا سب سے زیادہ شکار سیلاب متاثرین ہو رہے ہیں۔ وفاقی حکومت اقتدار بچانے کی فکر میں ہے۔

شال بقیہ 23

لانگ مارچ کا مطلب سپریم کورٹ کے اس حکم کی خلاف ورزی کرنا ہوگا، عبدالواسع مولانا

لانگ مارچ کی سہولت کے لیے ریاستی مشینری کو وفاقی حکومت کے خلاف استعمال کیا تو اس کے سنگین نتائج برآمد ہوں گے، وفاقی وزیر باد سنگ

امید ہے صوبائی حکومتیں اپنی آئینی ذمہ داری کا احساس کریں گی اور اپنے آئینی حدود سے باہر کی سرگرمیوں میں ملوث ہونے سے گریز کریں گی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر و وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ آئندہ انتخابات میں جمعیت علماء اسلام بلوچستان کی سطح پر بھرپور کامیابی حاصل کریگی اگر صوبائی حکومتیں پی ٹی آئی کی مدد میں سامنے آئیں اور لانگ مارچ کی سہولت کے لیے ریاستی مشینری کو وفاقی حکومت کے خلاف استعمال کیا تو اس کے سنگین نتائج برآمد ہوں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ میرے خیال میں عمران خان لانگ مارچ کی دھمکی کا استعمال کرتے ہوئے حکومت پر قبل از وقت انتخابات کرانے کے لیے دباؤ ڈال رہے ہیں ورنہ وہ اسلام آباد کی طرف مارچ نہ کرتے کیونکہ 25 مئی کو ان کے پہلے لانگ مارچ کا نتیجہ ہمارے سامنے بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

پارلیمانی سیکرٹری ایس ایڈی اے ڈی محترمہ شرمی رند سے پارلیمانی سیکرٹری ماہ جبین شیران اراکین صوبائی اسمبلی محترمہ بانو خلیل، ثنا بینہ کاکڑ اور شکیلہ نوید دہوار ملاقات کر رہی ہیں

سامراجی اداروں نے امپورٹڈ حکومت ملک و قوم کی تباہی کیلئے مسلط کیا گیا، جمعیت نظریاتی

نااہل حکمران نے مہنگائی سے عوام کی امیدوں پر شب خون مارا

آئی ایم ایف کی ایماء پر قوم پر مسلسل مہنگائی کا بوجھ لادا جارہا ہے، قاری محمد اللہ

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے یونٹوں کے امراء کے فراکدہ اجلاس کی دوسری سیشن میں کوئٹہ گیس پریشر کی مسئلہ اور ملک میں حکمرانوں کی ناکام پالیسیوں سے مہنگائی و دیگر امور پر احتجاجی دھرنا پر غور خوض ہوئی ضلعی امیر مولانا قاری محمد اللہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نااہل حکمران نے مہنگائی سے عوام کی امیدوں پر شب خون مارا آئی ایم ایف کی ایماء پر قوم پر مسلسل مہنگائی کا بوجھ لادا جارہا ہے امپورٹڈ حکومت نے مہنگائی سے بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

تحریک لبیک ہر فورم پر جدوجہد ممکن بنا رہے ہیں، حافظ سعد حسین رضوی

مصیبت زدہ بھائیوں کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے، قائد تحریک لبیک پاکستان

سبی (این این آئی) تحریک لبیک پاکستان کے قائد علامہ حافظ سعد حسین رضوی نے کہا ہے کہ سیلاب زدہ افراد کی مشکلات کو دور کرنے کے لئے تحریک لبیک پاکستان ہر فورم پر جدوجہد ممکن بنا رہا ہے مصیبت زدہ بھائیوں کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے جب تک مصیبت زدہ افراد اس مشکل گھڑی سے نہیں نکلیں گے ہم چین سے نہیں بیٹھیں گے اپنی مدد آپ کے تحت بلوچستان سندھ و پنجاب کے پی کے کے سیلاب زدہ علاقوں میں امدادی سرگرمیاں جاری رکھیں گے بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوری انسانیت کو توحید کا درس دیا

کفر کی ذلالت کو چھوڑ کر نور ہدایت کی طرف دعوت دی، حاجی غلام حیدر چاچڑ

بختیار آباد (نمائندہ شان) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوری انسانیت کو توحید کا درس دیا، کفر کی ذلالت کو چھوڑ کر نور ہدایت کی طرف دعوت دی، آپ نے کمزوروں کو عروج اور بے سہاروں کو سہارا دیا، خوشیہ مسجد بختیار آباد میں عید میلاد النبی کے حوالے سے پروقار تقریب کے موقع پر مقررین کا خطاب، پروقار تقریب منہاج القرآن بختیار آباد کے ناظم حاجی غلام حیدر چاچڑ کے زیر اہتمام کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق تحریک منہاج القرآن کے زیر اہتمام عید میلاد النبی بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کی تمام کوششوں کی حمایت کرتے ہیں، سعودی عرب

دہشت گردی بین الاقوامی سمندری راستوں اور عالمی معیشت کے لیے خطرہ ہے، کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) سعودی عرب کے وزیر خارجہ نے زور دے کر کہا ہے کہ مملکت کا دہشت گردی سے نمٹنے میں اہم کردار ہے۔ وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان نے سیونگال میں اسلام آباد کانفرنس ہارٹ آف ایشیا میں کہا کہ ہم دہشت گردی سے نمٹنے اور اسے جڑوں سے ختم کرنے کی تمام کوششوں کی حمایت کرتے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ دہشت گردی بین الاقوامی سمندری راستوں اور عالمی معیشت کے لیے خطرہ ہے۔ مزید برآں بن فرحان نے زور دیا کہ مملکت ایک زیادہ منصفانہ دنیا کی تشکیل کے لیے کثیر الجہتی بین الاقوامی ایکشن پر یقین رکھتی ہے۔

میر سلیم احمد خان کھوسہ حالیہ سیلابی صورتحال میں کوئٹہ سے آکر صحبت پور کی عوام کو بڑی تباہی سے بچایا ہے

دراصل حقیقت سے کوئی انکاری نہیں شدید بارشوں اور سیلاب کا پانی بلند ترین سطح پر تھا، میر حنیف خان

مانجھی پور (نامہ نگار) ساجھائی کھوسہ اقوام کے چشم و چراغ میر محمد حنیف خان کھوسہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ رکن بلوچستان اسمبلی میر سلیم احمد خان کھوسہ نے حالیہ سیلابی صورتحال میں کوئٹہ سے آکر صحبت پور کی عوام کو بڑی تباہی سے بچایا ہے جس کو کچھ موسمی سیاست دان جو الیکشن کے دوران عوام سے صرف ووٹ مانگنے آتے ہیں وہ میر سلیم احمد خان کھوسہ کے بارے میں غلط رنگ دیکر عوام کو گمراہ کرنے پر تلے ہوئے ہیں جس کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کا اجلاس

غیر حاضر اساتذہ کے خلاف سخت کارروائی کر کے انکے تنخواہوں سے کٹوتی کی جائیگی

قلات (این این آئی) ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اے ڈی سی خدا بلوچ اے سی قلات جہانزیب بلوچ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر قلات عزیز الرحمن رند DOE ثناء اللہ نورزئی DDEO عبدالرشید انجم RTSM شاہنواز DOE کمیل محترمہ فرزانہ احمد زئی DDOE کمیل طاہرہ پروین DDO منیجر راحیلہ ہارون DAO جہانزیب یالانزئی اور دیگر نے شرکت کی اجلاس میں بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر انڈسٹریز حاجی طور اتمانخیل کا لورالائی بورڈ کا دورہ

طلباء کی آسانی کے لیے لورالائی بورڈ کو درجہ جدید کے تقاضوں سے ہم آہنگ کریں گے

11 اضلاع پر مشتمل لورالائی بورڈ کے بلڈنگ کی حالت خستہ حال ہے، برہانگ

لورالائی (این این آئی) صوبائی وزیر انڈسٹریز حاجی طور اتمانخیل کا لورالائی بورڈ کا دورہ اسسٹنٹ کنٹرولر بورڈ عبدالسلام ترین کی دعوت پر صوبائی وزیر انڈسٹریز حاجی طور اتمانخیل نے لورالائی بورڈ کا تفصیلی دورہ کیا۔ برہانگ کے دوران اسسٹنٹ کنٹرولر کا کہنا تھا کہ 11 اضلاع پر مشتمل لورالائی بورڈ کے بلڈنگ کی حالت خستہ حال ہے جسے تعمیر کرنے کی فوری اور اشد ضرورت ہے۔ 2011 میں کابینہ کی منظوری کے بعد لورالائی بورڈ کو خودمختار بورڈ کا درجہ دیا گیا لیکن تاحال نوٹیفکیشن نہ ہونے کی وجہ سے طلباء و طالبات کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ اسکے علاوہ ان کا کہنا تھا کہ ڈپٹی کمشنر و کمشنر صاحب کی مطالبات کی روشنی میں بورڈ کے موجودہ بلڈنگ کو بورڈ آف ریونیو سے الاٹمنٹ کی منظوری دی جائے۔ صوبائی وزیر نے اس ضمن میں ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ لورالائی بورڈ سے ہمارے بچوں کا مستقبل جڑا ہے۔ ہماری حکومت بلوچستان بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

حکومت عوام کی فلاح و بہبود کیلئے موثر اقدامات کر رہی ہے، نور محمد دمڑ

صوبے کے تمام محکموں کی فعالی عوامی خدمت پر مامور کرنے کرپشن و کمیشن کے خاتمے میرٹ کی بحالی کیلئے جو اقدامات اٹھائے گئے، صوبائی وزیر

عوام کے اجتماعی و بنیادی مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں اور ہر پلیٹ فارم پر حلقے کے عوام کے مسائل کیلئے آواز بلند کیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری سینئر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات حاجی نور محمد دمڑ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کے درپیش مسائل کے حل کے لئے عملی طور پر اقدامات اٹھا رہی ہے موجودہ صوبائی حکومت ایک عوامی حکومت ہے اور عوام کی فلاح و بہبود کے لئے موثر اقدامات کر رہی ہیں حلقہ انتخاب کے عوام اور پارٹی ورکروں کے مسائل کے حل کیلئے دن رات کوشاں ہوں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے آفس میں حلقہ انتخاب اور صوبے کے مختلف اضلاع آئے ہوئے پارٹی ورکروں اور سائلین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ عوام کے اجتماعی و بنیادی مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں اور ہر پلیٹ فارم پر حلقے کے عوام کے مسائل کیلئے آواز بلند کیا ہے انہوں بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

پیپلز پارٹی کے رہنما حاجی اشرف کاکڑ کی وفات پر بیٹے ثناء اللہ کاکڑ سے پارٹی کے ایگزیکٹو ممبر ارباب اسد علی کاسی فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ایڈووکیٹ علاؤالدین خلجی کی صوبائی محتسب اعلیٰ نذر محمد بلوچ سے ملاقات

عوام کو انصاف کی فراہمی اور ان کے مسائل حل کرنا میرا فرض منصبی ہے، بات چیت

کوئٹہ (این این آئی) پیپلز لائرز فورم بلوچستان کے جنرل سیکرٹری ایڈووکیٹ علاؤالدین خان خلجی نے صوبائی محتسب اعلیٰ نذر محمد بلوچ سے ملاقات کی اور مختلف مسائل پر تبادلہ خیال کیا، صوبائی محتسب اعلیٰ نے کہا کہ عوام کو انصاف کی فراہمی اور ان کے مسائل حل کرنا میرا فرض منصبی ہے، بلا رنگ و نسل عوام کے مسائل کے حل کے لئے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، غریب اور مشکلات سے دوچار عوام کی مشکلات کے ازالے کے لئے کوشاں ہیں، اس موقع پر ایڈووکیٹ علاؤالدین بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کوئٹہ کا اعلامیہ

کوئٹہ (این این آئی) سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کوئٹہ کے جاری کردہ ایک اعلامیہ کے مطابق فلائیٹ لیفٹیننٹ (ر) عطاء الرحمن خان (پی ایس پی-18) ریجنل آفیسر ٹی ڈی سی ریجن کو ایس پی ڈیرہ بگٹی تعینات کر دیا گیا ہے۔

رکن اسمبلی کھی شام لعل لاسی کی ڈی سی لسبیلہ مراد کاسی سے ملاقات، مختلف امور پر تبادلہ خیال

اوتھل (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے رہنما و اقلیتی رکن صوبائی اسمبلی کھی شام لعل لاسی نے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ مراد خان کاسی سے انکے دفتر میں ملاقات کی اور مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا جبکہ کھی شام لعل لاسی کی جانب سے مختلف علاقوں میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر بھی گفتگو کی گئی اس موقع پر کھی شام لعل لاسی نے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کو ہدایت کی کہ وہ ترقیاتی کاموں کی خود نگرانی بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

متاثرین کی بنائی گئی لسٹ کے مطابق سامان تقسیم کرنے کا عمل جاری ہے، ڈی سی نصیر آباد

نصیر آباد ضلعی انتظامیہ سیلاب متاثرین کی امداد کے لیے ہر ممکن وسائل بروئے کار لا رہی ہے

نصیر آباد (این این آئی) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد عائشہ زہری کے احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر فلائٹ لیفٹیننٹ ریٹائرڈ خالد شمس اور حسین احمد ایڈووکیٹ مختلف یونین کونسلوں قبہ شیر خان شرقی و غربی مانجھوئی سکندر آباد سردار شہزادہ خان بیدار شرقی فرید آباد کے متاثرین میں ٹینٹ کمبل پانی مچھروانیاں تقسیم کیں اس موقع پر نائب تحصیلدار صدور اخان ایڈووکیٹ بابو بقاء محمد عمرانی سمیت دیگر موجود تھے سامان تقسیم کرنے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی فلائٹ بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

موسیٰ خیل، ڈپٹی کمشنر ریاض احمد سے میجر خیام الدین ملاقات کر رہے ہیں

گذانی کسٹم نے منشیات سمیت دیگر مضر صحت اشیا تلف کر دی

حب (این این آئی) گذانی کسٹم نے مختلف کارروائیوں میں پکڑی جانے والی منشیات چھالیہ مضر صحت گٹکے سگریٹ تمباکو اور دیگر اشیاء تلف کر دیں منشیات تلف کرنے کی تقریب کھر کھیڑا کسٹم چیک پوسٹ پر منعقد کی بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

اوستہ محمد پولیس کی کارروائی، ٹریکٹر برآمد، ملزمان فرار

اوستہ محمد (این این آئی) اے ایس پی حسنین اقبال SHO صدر تھانہ محمد عدل خان جمالی CIA انچارج محمد یامین جمالی قبائلی رہنما ڈاکٹر مشتاق عمرانی و دیگر کے ہمراہ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ دنوں نامعلوم چوروں نے فیض آباد جمالی کے مقام پر رات گئے اسٹوڈور پرڈریسور کو یرغمال بنا کر ٹریکٹر ٹرالی چھین کر فرار ہو گئے جیسے ہی پولیس کو اطلاع ملی ہی بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

صنعت کاروں کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے، چیف ایگزیکٹو افیسر کیسکو

صوبے میں پاور ہاؤس نہ ہونے کی وجہ سے ووٹیج کی کمی کا سامنا ہے، کریم جمالی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالکریم جمالی نے کہا ہے کہ غیر قانونی کنکشنز کی روک تھام اور صارفین کے ذمہ واجب الادا بلوں کی وصولی اور لاسز کے خاتمہ کے لئے صنعتکار، تاجر اور زمیندار ہمارا ساتھ دیں اس وقت بھی زمینداروں، صوبائی اور وفاقی محکموں اور دیگر صارفین کے ذمہ کمپنی کے اربوں روپے واجب الادا ہیں، ان فیڈرز کے صارفین کو 24 گھنٹے بجلی دیں گے جن کی ریکوری سو فیصد ہیں، بلوستان اسٹیشن بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں صدیوں سے آباد ہندو برادری سے ہمارا محبت و پیار کا رشتہ ہے، میجر نبیل احمد

ہماری خوشیاں ایک ہیں، اقلیتی برادری کو ہم اپنے سماج کا حصہ سمجھتے ہیں

اوتھل (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی اقلیتی رہنما کرشن لعل لاسی کی جانب ہندو محلہ اوتھل میں دیوالی پر وقار تقریب منعقد کی گئی جس کے مہمان خاص پاکستان کوسٹ گارڈز 4 بٹالین جناح کے میجر نبیل احمد تھے تقریب میں مہمان خصوصی اور صحافیوں کو اجرکیں پہنائی گئی اس موقع پر میجر نبیل احمد نے کہا ہے بلوچستان میں صدیوں سے آباد ہندو برادری سے ہمارا محبت و پیار کا رشتہ ہے، ہماری خوشیاں ایک ہیں۔ اقلیتی برادری کو ہم اپنے سماج کا حصہ سمجھتے ہیں۔ دیوالی بنیادی طور پر بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

بلوچستان ہائی کورٹ بار کے صدر عبدالمجید کاکڑ و منتخب جنرل سیکرٹری چنگیز کوکری پر بیٹھا رہے ہیں

کوہلو: ڈی ایچ کیو ہسپتال میں ادویات کی فقدان سرنج تک نایاب

کوہلو (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق بلوچستان ضلع کوہلو کے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال میں ادویات و سہولیات کا اشد فقدان ہے ڈی ایچ کیو ہسپتال میں دیگر ادویات کی طرح سرنج تک نایاب ہو گئے ہیں جس کی وجہ سے مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے جبکہ ہسپتال میں قلت آب کے باعث اسٹاف سمیت دیگر دور دراز سے آئے ہوئے مریضوں کو پریشانی کا بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

متاثرین کی بنائی گئی لسٹ کے مطابق سامان تقسیم کرنے کا عمل جاری ہے، ڈی سی نصیر آباد

نصیر آباد ضلعی انتظامیہ سیلاب متاثرین کی امداد کے لیے ہر ممکن وسائل بروئے کار لا رہی ہے

نصیر آباد (این این آئی) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد عائشہ زہری کے احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر فلائٹ لیفٹیننٹ ریٹائرڈ خالد شمس اور حسین احمد ایڈووکیٹ مختلف یونین کونسلوں قبہ شیر خان شرقی و غربی مانجھوئی سکندر آباد سردار شہزادہ خان بیدار شرقی فرید آباد کے متاثرین میں ٹینٹ کمبل پانی مچھروانیاں تقسیم کیں اس موقع پر نائب تحصیلدار صدور اخان ایڈووکیٹ بابو بقاء محمد عمرانی سمیت دیگر موجود تھے سامان تقسیم کرنے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی فلائٹ بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

موسیٰ خیل، ڈپٹی کمشنر ریاض احمد سے میجر خیام الدین ملاقات کر رہے ہیں

عوام کے مسائل حل کرنے ہماری اولین ترجیح ہے، جلد خوشخبری دینگے، عمران خان لہڑی

انتخابات سے قبل آسامیوں پر بے روزگار نوجوانوں کو بھرتی اور مختلف علاقوں میں ترقیاتی عمل کو مکمل کرنے کیلئے بھرپور اقدامات کریں، صوبائی وزیر ایری گیشن

بحیثیت منتخب نمائندہ کوشش رہی کہ میں عوام کے مسائل اور محکمے میں افسر شاہی کی جانب سے جو کوتاہی ہے ان کو دور کریں، وفود سے بات چیت

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر ایری گیشن محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ عوام کے مسائل حل کرنے ہماری اولین ترجیح ہے انتخابات سے قبل محکمے میں خالی آسامیوں پر بے روزگار نوجوانوں کو بھرتی اور مختلف علاقوں میں ترقیاتی عمل کو مکمل کرنے کے لئے بھرپور اقدامات کریں عوام کی موجودہ حکومت سے جو امیدیں ہے وہ اسی طرح امید رکھیں مایوس نہ ہو حلدان کے مسائل حل کرنے کیلئے خوشخبری دینگے یہ بات انہوں نے اپنے دفتر میں وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ بلوچستان لیسمانڈی کے حوالے سے ایک ضرور ہے لیکن اگر منتخب نمائندے صحیح اور بروقت اقدامات کریں خالی آسامیوں پر بے روزگار نوجوانوں کو بھرتی ترقیاتی حوالے سے فنڈز کمیشن کے مطابق تقسیم کرینگے اسی طرح بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

جیکب آباد کے 3 بچوں میں پولیو وائرس کی موجودگی کا شبہ

جیکب آباد (این این آئی) جیکب آباد کے 3 بچوں میں پولیو وائرس کی موجودگی کا شبہ۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے مختلف علاقوں میں تین بچوں میں پولیو وائرس کی موجودگی کا شبہ ظاہر کیا جارہا ہے، محکمہ صحت کے ذرائع کے مطابق جیکب آباد کی یونین کونسل دیتی کے گاؤں عبدالصمد غارانی میں ڈھائی سالہ بچے بسم اللہ، گاؤں چھکڑا میں دو ماہ کے ریحان اور تحصیل ٹھل کے گوٹھ نبی بخش میں رضوان میں پولیو وائرس کی موجودگی کے شبہ میں محکمہ صحت کی ٹیم نے متاثرہ علاقوں میں بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

بارشوں اور سیلاب سے تباہ شدہ علاقوں میں ریلیف کا کام تیزی سے جاری

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) بارشوں اور سیلاب سے تباہ شدہ علاقوں میں ریلیف کا کام تیزی سے جاری ہے وہی پاک فوج اور ایف سی کی طرف سے مالی مشکلات میں گھری ہوئی عوام کی مدد کیلئے ضلع صحبت پور کے 53 ونگ سوئی کے کرنل عامر شہزاد اور میجر بلال جواد عبدالرحمان کی کاوشیں ضلع بھر میں اوچ کے مقام پر راشن بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

تاجران اور ٹرانسپورٹرز یونین کا 31 اکتوبر کے ہڑتال کی بھرپور حمایت کا اعلان

ہمارے ڈرائیوروں اور ٹرکوں کو اغوا کر کے لوٹا جارہا ہے، صدر کوچز ایسوسی ایشن میر حکمت لہڑی

حکومت تحفظ دینے میں مکمل ناکام ہوگئی ہے، انور شاہوانی

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کے صدر رحیم آغا کی قیادت میں وفد کی کراچی کوچز ایسوسی ایشن کے صدر میر حکمت لہڑی سے 31 اکتوبر کے ہڑتال کے حوالے سے ملاقات کی گئی وفد میں جنرل سیکرٹری عمران ترین، محمد جان آغا درویش، حاجی ظہور کاکڑ، حاجی فاروق شاہوانی، اسم اللہ ترین، میر زبیر لہڑی، ثمنی آغا، ملک ثناء اللہ قمبرانی، غلام حیدر زہری شامل تھے ملاقات میں کوئٹہ کراچی شاہراہ پر ہونے والے ڈکیتی کی وارداتوں اور شہر میں ہونے والے ڈکیتی بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

نصیر آباد، اسسٹنٹ کمشنر فلائٹ لیفٹیننٹ رخالد شمس سیلاب میں ٹینٹ و دیگر سامان تقسیم کر رہے ہیں

ڈھاڈر پولیس تھانے پر دستی بم سے حملہ ایک پولیس اہلکار شہید

تھانے کے صحن میں گر کر زوردار دھماکے سے پھٹ کر زمین میں ڈیڑھ فٹ گہرا گڑھا پڑ گیا

دھماکے سے پولیس تھانے کی دیواروں میں سوراخ اور کھڑکیوں کے شیشوں کے علاوہ وہاں موجود گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا

ڈھاڈر (این این آئی) ڈھاڈر پولیس تھانے پر ہینڈ گرنیڈ بم سے حملہ ایک پولیس اہلکار شہید، تفصیلات کے مطابق گزشتہ رات ایک بجے کے قریب نامعلوم افراد نے ڈھاڈر پولیس اسٹیشن پر ہینڈ گرنیڈ بم سے حملہ کیا گیا جس کے نتیجے میں ڈیوٹی پر مامور پولیس جوان عابد حسین سولنگی شدید زخمی ہوا، فوری طور پر سول ہسپتال ڈھاڈر منتقل کیا جارہا تھا کہ وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے شہید ہو گیا، مزید پولیس کے مطابق حملہ تھانے کی جنوب دیوار سے کیا گیا جو کہ تھانے کے صحن میں گر کر زوردار دھماکے سے پھٹ کر زمین میں ڈیڑھ فٹ گہرا گڑھا پڑ گیا، دھماکے سے پولیس تھانے کی دیواروں میں سوراخ اور کھڑکیوں کے شیشوں کے علاوہ وہاں موجود گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا، اطلاع ملتے ہی ایس ایس پی لکھی میر محمود احمد نوتیزئی ڈی ایس پی ڈھاڈر ضلع شیر مری و دیگر آفیسران سمیت موقع پر پہنچ کر کارروائی شروع کر دی، واقعہ کا مقدمہ ڈی ایس پی نے ایس ایچ او ڈھاڈر نذیر احمد سیال کی بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

صوبائی محتسب بلوچستان نذر محمد بلوچ سے یونیورسٹی آف بلوچستان آفیسر ایسوسی ایشن کا وفد نذیر احمد لہڑی کی قیادت میں ملاقات کر رہا ہے

ڈپٹی کمشنر صحبت پور کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد بلوچ سے یوسیف ساؤتھ ایشیا کے ہیڈ کی ملاقات

سیلاب کی تباہ کاریوں اسکولوں کی بحالی آبنوشی اور طبی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

صحبت پور (این این آئی) ڈپٹی کمشنر صحبت پور کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد بلوچ، سے یوسیف ساؤتھ ایشیا کے ہیڈ سمیت دیگر نے ملاقات کی سیلاب کی تباہ کاریوں اسکولوں کی بحالی آبنوشی اور طبی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر یوسیف ساؤتھ ایشیا کے ہیڈ نے ڈپٹی کمشنر کو یقین دہانی کرائی کہ ضلع صحبت پور میں تعلیم، صحت، آبنوشی سمیت دیگر سہولیات کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گے تاکہ سیلاب متاثرین کی مشکلات میں کمی واقع ہو ڈپٹی کمشنر جمیل احمد بلوچ نے کہا کہ سیلاب کی تباہی کے بعد اس وقت یہاں کے بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

والعدین، ہندو برادری دیوالی کا تہوار جوش و جذبے کیساتھ منا رہے ہیں

والعدین (این این آئی) ملک بھر کی طرح ضلع چاغی کے ہیڈ کوارٹر والعدین میں ہندو برادری دیوالی کا تہوار جوش جذبے کے ساتھ منا رہے ہیں۔ ہندو پنچایت ہندو بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

کمشنر نصیر آباد ڈویژن بشیر احمد بنگلزئی کے زیر صدارت اجلاس

اجلاس میں ترقیاتی منصوبوں اور سیلاب سے ہونے والے نقصانات کا جائزہ لیا گیا

نصیر آباد (این این آئی) کمشنر نصیر آباد ڈویژن بشیر احمد بنگلزئی کے زیر صدارت ایک اضلاع کی اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ترقیاتی منصوبوں اور سیلاب سے ہونے والے نقصانات کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں ایڈیشنل کمشنر علی محمد مانجھی ڈپٹی کمشنر نصیر آباد عائشہ زہری ڈپٹی کمشنر صحبت پور جمیل احمد بلوچ ڈپٹی کمشنر جعفر آباد نجیب اللہ ترین ڈپٹی کمشنر جھل مگسی یاسر حسین بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

اوستا محمد اور گنداخہ میں امداد کی غیر منصفانہ تقسیم کی تحقیقات کی جائیں، امام بخش جمالی

کونسلر اتحاد سیلاب زدگان کے راشن اور فنڈز پر کسی کو ڈاکہ مارنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائیگی

گنداخہ (نامہ نگار) کونسلر اتحاد ضلع اوستا محمد کے جنرل سیکرٹری منتخب کونسلر میر امام بخش جمالی نے وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف سیکرٹری بلوچستان و دیگر تحقیقاتی اداروں سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ پی ڈی ایم اے اور حکومت بلوچستان سے کروڑوں روپے کے گیس سلینڈروں راشن ٹینٹ اور نقد کروڑوں روپے ملنے کے باوجود اوستا محمد گنداخہ باغ بیڈ باغلیل جعفر آباد بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

سرکاری امداد نہ ملنے کے خلاف انسداد پولیو مہم کے بائیکاٹ کر دیا

جیکب آباد (این این آئی) یونین کونسل شاہپور کے 25 دیہاتوں کے سیلاب متاثرین نے سیلابی پانی کی نکاسی نہ کے جانے اور سرکاری امداد نہ ملنے کے خلاف انسداد پولیو مہم بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

کمشنر کوئٹہ ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ کوئٹہ کی بہتری اور خوبصورت کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملک مرزا ناصر اور بھائیوں کے خلاف ایف آئی آر قابل مذمت ہے، جمعیت

ملک مرزا خان ناصر اور ان کے بھائیوں کے خلاف ایف آئی آر کاٹ کر مذموم عزائم کی تکمیل کی کوشش کی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام حقنگلی یونٹ کے امیر مولانا محمد حسن المریانی جنرل سیکرٹری حافظ محمد ابراہیم نائب امیر مولانا متعلق نظام الدین لانگو سیکرٹری اطلاعات ملک مرزا خان ناصر، سالار محمد انور اور دیگر نے کہا ہے کہ ملک مرزا خان ناصر اور ان کے بھائیوں کے خلاف تو حصار تھانے میں ایف آئی آر قابل مذمت ہے، تحقیق اور معاملات سمجھنے کی بجائے واپڈا کے کچھ اہلکاروں کی غلط روش کے باعث ممتاز قبائلی و سیاسی خاندان کو بدنام کرنے کی ہر سازش کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کرتے ہیں کہ ملک مرزا خان ناصر اور ان کے بھائیوں ملک بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

کراچی کے علاقے کلفٹن میں بچی سے زیادتی کے دونوں ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا

پولیس کے مطابق ایک ملزم کو کراچی اور دوسرے کو خیبر پختونخوا سے گر